مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

فروری 2018ء

روحانی ماہنامہ

تحفۂ روحانیات

ولادت باسعادت حضرت امام زین العابدین علیہ السلام

اس کے مقابلے کی دوسری کوئی

2108ء کے اسمائے اعظم

وجود جنات

فضائل اسمائے الحسنیٰ

مزمل روحانی جنتری

اپنے قریبی بکسٹال سے طلب فرمائیں

اعمال سورج گرہن

اعمال ہبوط عطارد

ختم

2018ء کا سرکس

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات
محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 60 روپے فی شمارہ

عملیات پر صدیوں پرانی

نایاب ونادر قلمی بیاضیں

برائے مہربانی کتاب وی پی پی کرنے پر اصرار نہ کریں۔ ڈاک خرچ 50 روپے علیحدہ ہوگا

نام کتاب	تعارف
مجموعہ علم جفر، نجوم، عملیات (فارسی) 800 روپے	علم نجوم کے نقطے، بزرگوں کا نایاب تحفہ، قلمی کا عکس
مراۃ النجوم 700 روپے	حکیم غلام قادر کی مشہور زمانہ نایاب کتاب، لاہور
لگن آفتاب (حصہ اول) 550 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی کی ہندی نجوم پر قدیمی کتاب، لاہور طبع قدیم
لطیف النجوم 600 روپے	نجوم پر ایک مکمل کتاب حیدرآباد دکن 1939ء
علم نجوم اور علم عجیبہ 700 روپے	قسمت کا حال، بھا گیا چکر، طلسمات، قلمی کا عکس
ستاروں کی تاثیر 600 روپے	لکی نمبرز کے کلیہ جات، علم نجوم کے بہیئت، 1355ء
سراج الرمل (فارسی) 650 روپے	نجوم پر ایک نایاب کتاب، کانپور 1908ء
خلاصۃ النجوم 650 روپے	ہندی نجوم کے قاعدے، گرہ لگن پنچترہ وغیرہ، لکھنو 1915ء
جوتش سارمالا 700 روپے	پنڈت کرشن کمار کتھیلی کی نایاب تخلیق، امرتسر
جوتش کا قاعدہ 600 روپے	پنڈت رگھناتھ داس جوتشی، قواعد جوتش، لاہور
پرشن آفتاب 660 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی، سوال کا جواب جوتش سے، لاہور مطبوعہ قدیم
انتخاب النجوم 560 روپے	ماہنامہ برائے اودھی، علم نجوم پر قابل تعریف محنت، کانپور
آسان جوتش باتصویر 650 روپے	بخشی ویت پرکاش شبھ اور اشبھ مہورت نکالنا، کیماب
ابجد النجوم 650 روپے	سید ابوالحسن کی ایک قابل تعریف کاوش، لاہور

نام کتاب	تعارف
النجوم 800 روپے	نہ بھلانے والی تحقیق، نجوم کی مکمل تعریف، قلمی کا عکس
کوک شاستر 1200 روپے	شاستروں پر تحریر کردہ راز کا خزانہ
عملیات قریشی 650 روپے	مجرب اعمال جن کی تلاش رہتی ہے (ڈاکٹر محمد ابراہیم)
طلسمات منازل قمر 650 روپے	قمری منازل کے طلسمات محمد عبداللہ، لکھنو چوک
بیاض عملیات 800 روپے	ذاتی مجربات علامہ شاد گیلانی
علاج مقناطیس 1300 روپے	ایسی قوتوں سے علاج کرنا جو انسان کے اندر پوشیدہ ہوں
ٹیلی پیتھی (حصہ اول) 600 روپے	پوشیدہ قوتوں کو بروئے کار لاکر کامیاب زندگی گزارنا
ٹیلی پیتھی سیکھیے 1100 روپے	ارتکاز توجہ اور یکسوئی کی آسان مشقیں
گلزار تعویزات 750 روپے	تعویزات کی ایسی کتاب جس میں آسان عملیات
سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل 650 روپے	ہر آیت سے متعلق مختصر اعمال
عملیات کلام پاک 650 روپے	قرآن پاک سے مختلف بیماریاں، مشکلات کا حل (ثناءاللہ قادری چشتی)
عملیات فاروقی 650 روپے	مولانا بشیر احمد کی نہ بھولنے والی کاوش
اعمال قرآنی 700 روپے	قرآنی اعمال پر منتخب کتاب
محفل حاضرات 1050 روپے	حاضرات کے مختلف طریقے اور ان کے قواعد

نام کتاب	تعارف
مفتاح الحاجات 1050 روپے	نادر عملیات کا خزانہ
جامع الاسرار 600 روپے	وہ اعمال جن کی اکثر تلاش رہتی ہے
تحفہ مشکل کشاء 650 روپے	روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کا آزمودہ حل
علاج بذریعہ جنتر منتر تنتر 570 روپے	پیچیدہ امراض اور مسائل کا حل، تحریر:۔ بی آر ورما
حب سربستہ راز 650 روپے	حصول محبوب کے نایاب اور مجرب اعمال
ذخیرہ سکندر ذوالقرنین 670 روپے	طلسمات اور عملیات پر قدیمی کتاب
چشمہ طلسم 700 روپے	طلسمات کا خزانہ جس کے بعد کسی اور کی ضرورت نہیں
صبح کا ستارہ 600 روپے	قرانی فالنامہ قرآنی عملیات
عمل تسخیر نظر 700 روپے	عملیات، مسخرات خاص و عام پر مشتمل کتاب
صحیفۃ النوار 450 روپے	خاص عملیات کا مجموعہ
تاثیرات اجتماع سیارگان 750 روپے	نجوم پر تحریر ہونے والی قدیمی کتب 1921ء
عملیات مقطعات 650 روپے	حروف مقطعات پر لکھی جانے والی جامع کتاب
عزیز الخلائق 550 روپے	زندگی میں مجرب مسخرات کا ایک ہی عمل کافی ہوتا ہے یہ عملیات کا خزانہ ہے
مجربات سلیمانی 700 روپے	مشہور تعویزات ونقوش انتہائی آسان اور پُرتاثیر

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل
ڈائریکٹر عابد کمالوی محکمہ تعلقات عامہ
ریذیڈنٹ ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس)

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)، بابا صدف انبالوی، علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، کامران بخش شہزاد رضوان حسین شاہ، منظور علی سموں، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

لیگل ایڈوائزر
محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
حمد باری تعالیٰ	3	سورۃ اخلاص	23
حضرت امام زین العابدینؑ	4	فضائل اسمائے الحسنیٰ	24
روحانی واردات	8	حفظان صحت کے اصول	26
ستاروں کی چال	10	وجود جنات	28
اوقات ہبوط عطارد	13	دودھ کی افادیت	33
اوقات سورج گرہن	13	یہ ماہ کیسا رہیگا.....؟	35
اسرار غیبی	14	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	41
حروف صوامت کی بندش	16	روزانہ کے لکی نمبر	42
2018ء کے اسمائے اعظم	18	فروری کے لکی نمبر	43
آسان مجرب عملیات	20	آپکی ڈاک	46
مندرہ غوثیہ	22	کوپن	48

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری
انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 720/- روپے مع ڈاک خرچ
آفس
ادارہ روحانیات
نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
0300-6351192
0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّل وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

جمادی اول، زکات سورۃ مزمل

نوچندا توار کو قبل نماز فجر سورۃ مزمل 21 بار ہر 7 بار پڑھنے کے بعد درود تاج 1 بار پڑھا جائے۔ اس زکات کی مدت 21 یوم ہے اس کی برکت سے زیارت نبی کریمؐ دوران ادائیگی زکات ہوتی ہے اور جب بھی کوئی مشکل ہو درج بالا طریقہ کے مطابق صرف 7 یوم سورۃ مزمل پڑھی جائے تو مشکل حل ہو جاتی ہے۔ مداومت عمل 7 بار روزانہ ہے۔ دوران عمل ہر سوموار کا روزہ رکھیں بہتر ہے کہ سحری و افطاری میں 7 کھجوروں پر اکتفاء کیا جائے یعنی 7 کھجور سحری میں اور 7 کھجور افطاری میں استعمال کی جائے اس کے علاہ پانی پینے کیلئے سنت کا پیالہ استعمال کریں اور کچھ نہیں کھانا پینا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد باری تعالیٰ

خوشا وہ دن حرم پاک کی فضاؤں میں تھا
زباں خموش تھی دل محو التجاؤں میں تھا

در کرم پہ صدا دے رہا تھا اشکوں سے
جو ملتزم پہ کھڑے تھے، میں ان گداؤں میں تھا

غلاف خانۂ کعبہ تھا میرے ہاتھوں میں
خدا سے عرض و گزارش کی انتہاؤں میں تھا

حطیم میں مرے سجدوں کی کیفیت تھی عجب
جبیں زمین پہ تھی ذہن کہکشاؤں میں تھا

طواف کرتا تھا پروانہ وار کعبے کا
جہانِ ارض و سما جیسے میرے پاؤں میں تھا

دھڑک رہا ہے مرے سازِ روح پر اب بھی
وہ ایک نغمہ جو "لبیک" کی صداؤں میں تھا

مجھے یقین ہے میں پھر بلایا جاؤں گا
کہ یہ سوال بھی شامل میری دعاؤں میں ہے

صبیح رحمانی

15جمادی الاول بمطابق 02فروری 2018ء بروز جمعہ المبارک

ولادت با سعادت حضرت امام زین العابدین علیہ السلام

تحریر
سید شبیہہ الحسنین رضوی
کاشانہ الحسینی (کراچی)

کنیت اور لقب :۔امام علی بن حسین علیہ السلام چوتھے امام ہیں۔آپ کی کنیت ابو محمد' ابوالحسن اور ابو بکر ہے۔ان کا لقب سجاد اور زین العابدین ہے۔

ولادت با سعادت :۔امام علی بن حسین علیہ السلام کی والدہ ماجدہ طیبہ طاہر عابدہ کا اسم گرامی شہر بانو ہے۔

گلے میں طوق اور پاؤں میں زنجیر :۔امام زہری نے کہا کہ میں نے امام علی بن حسین علیہ السلام کو دیکھا کہ عبدالملک بن مروان کے حکم سے ان کے پاؤں باندھے گئے۔ہاتھوں میں زنجیریں اور گردن میں طوق ڈالے گئے اور پھر ان پر نگران مقرر کئے گئے۔میں نے انہیں سلام کرنے کی اجازت طلب کی تو آپ اس وقت ایک خیمہ میں تشریف فرما تھے۔

میں نے جب آپ کا یہ حال دیکھا تو زار و قطار رویا اور کہا کہ ''کیا ہی بہتر ہوتا کہ اگر آپ کی جگہ مجھے باندھا جاتا اور آپ سلامت رہتے''۔

امام علی بن حسین علیہ السلام نے فرمایا: ''اے زہری! تو یہ خیال کرتا ہے کہ ان زنجیروں اور طوق سے میں تکلیف میں ہوں۔اگر میں چاہوں تو یہ فوراً اتر جائیں مگر ایسی نشانیاں رہنی چاہئیں تا کہ تم خوف خداوندی کو دامن گیر رکھو اور حشر کے روز تم پر تکلیف نہ ہو''۔

ازاں بعد آپ نے زنجیر کو اپنے ہاتھوں سے اتار دیا اور پاؤں کو پھندے سے آزاد کر لیا۔پھر فرمایا:

''اے زہری! میں ان کے ساتھ اس حال میں دو منزلوں سے زیادہ نہ جاؤں گا''۔

جب چار دن گزرے تو آپ کی پاسبانی کرنے والے مدینہ منورہ واپس چلے گئے۔پھر آپ کو مدینہ بلاتے رہے لیکن آپ انہیں نہ مل سکے۔ان میں بعض نے ایسے بیان کیا ہم ایک جگہ مقیم تھے اور آپ کی شدت سے پاسبانی کر رہے تھے صبح ہوئی تو محل میں سے آپ غائب تھے۔

دبدبہ حسینی :۔امام زہری نے بیان کیا کہ ازاں بعد میں عبدالملک بن مروان کے ہاں گیا تو اس نے مجھ سے امام زین العابدین علیہ السلام کا حال پوچھا مجھے جو یاد تھا وہ میں نے بیان کر دیا۔

عبدالملک نے کہا: ''جس وقت میرے گماشتوں نے انہیں گم کر دیا تو وہ میرے ہاں آ کر کہنے لگے کہ میرے اور تمہارے مابین کوئی چیز حائل ہوئی ہے''۔

میں نے کہا: ''ذرا ٹھہریئے''۔ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''میں ٹھہرنے کو تیار نہیں ہوں''۔

ازاں بعد آپ باہر تشریف لے گئے اور میں قسم بخدا آپ کے رعب و جلال سے خوف زدہ ہو گیا۔

وصال مبارک :۔

امام زہری جب بھی کبھی امام زین العابدین علیہ السلام کا تذکرہ کرتے تو زار و قطار روتے اور کہتے کہ:

''وہ واقعی زین العابدین ہیں جو ایران کے شہنشاہ یزدگرد کی بیٹی سے تولد ہیں۔یزدگرد نوشیروان عادل کی اولاد میں سے تھا''۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے 18 محرم الحرام 94 ہجری میں وصال فرمایا اور بعض راویوں نے وصال شریف 95ھ لکھا ہے۔

''زین العابدین'' کی وجہ تسمیہ :۔آپ کیا اسم زین العابدین کے معروف ہونے کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ آپ ایک شب نماز تہجد میں مشغول تھے کہ شیطان ایک سانپ کی شکل میں نمودار ہوا تا کہ اس ڈراؤنی شکل سے آپ کو عبادت سے باز رکھ کر عیش و نشاط میں مشغول کر دے۔آپ نے اس کی طرف توجہ نہ فرمائی یہاں تک کہ سانپ نے آپ کے پاؤں کا انگوٹھا اپنے منہ میں ڈال لیا لیکن آپ پھر بھی اس کی طرف متوجہ نہ ہوئے۔

سانپ نے آپ کے انگوٹھے کو اس سختی سے کاٹا کہ آپ کو درد ہوا۔آپ نے پھر بھی سانپ کی طرف توجہ نہ کی۔

آپ پر اللہ تعالیٰ نے انکشاف فرمایا کہ وہ شیطان ہے۔آپ نے اس بری طرح زدوکوب کیا اور پھر فرمایا:

''اے ذلیل وخوار اور کمینے۔ یہاں سے دور ہو جا''۔ جب سانپ چلا گیا تو آپ کھڑے ہو گئے تا کہ درد میں افاقہ ہو جائے۔ پھر آپ کو ایک آواز سنائی دی لیکن بولنے والا نظر نہ آیا۔

کہنے والے نے کہا: ''آپ زین العابدین ہیں۔ آپ زین العابدین ہیں۔ آپ زین العابدین ہیں''۔

حالتِ وضو میں کپکپی طاری ہونا:۔

امام زین العابدین علیہ السلام وضو فرماتے تو آپ کا چہرہ زرد ہو جاتا اور جسم میں کپکپی پیدا ہو جاتی۔

جب آپ سے اس کا سبب دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا۔

''تم جانتے ہو کہ کس کے حضور میں پیش ہونا ہے؟''۔

دنیا کی آگ سے نہ ڈر:۔ ایک مرتبہ امام زین العابدین علیہ السلام اپنے مکان پر نماز پڑھ رہے تھے کہ مکان کو آگ لگ گئی۔ آپ سجدہ ہی میں پڑے رہے۔ لوگوں نے بہت شور مچایا کہ: 'اے رسول اللہ کے بیٹے! اے رسول اللہ کے بیٹے! آگ لگ گئی آگ لگ گئی''۔

پھر بھی آپ نے سر سجدہ سے نہ اٹھایا۔ جب آگ ٹھنڈی ہو گئی تو آپ سے دریافت کیا گیا: ''آپ آگ سے خاموش کیوں رہے؟''

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''محشر کی آگ کے خوف سے یہ آگ بھول گیا''۔

حضرت خضر علیہ السلام کا راز کی باتیں کرنا:۔ ایک معتبر راوی نے روایت کی کہ ایک روز میں امام زین العابدین علیہ السلام کے ہاں گیا۔ میں نے خیال کیا کہ میں آوازدوں میں مکان کے باہر بیٹھا رہا یہاں تک کہ آپ باہر تشریف لے آئے۔ میں نے آپ کی خدمت میں سلام عرض کیا۔ آپ نے جواباً وعلیکم السلام فرمایا۔ پھر ایک دیوار کے قریب آ کر فرمایا: ''اے فلاں! اس دیوار کو دیکھا ہے۔

اس شخص نے کہا: ''ہاں! دیکھا ہے اے رسول اللہ کے بیٹے''۔ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا:

''میں ایک روز اس دیوار کے ساتھ تکیہ لگا کر حالت افسردگی میں بیٹھا تھا کہ میں نے اچانک ایک خوبرو آدمی کو دیکھا جو سامنے کھڑے ہو کر کہہ رہے تھے۔ اے علی بن حسین! میں تجھے افسردہ دیکھ رہا ہوں۔ اگر دنیا کے لئے افسردگی ہے تو دنیا ایک روزی ہے جسے ہر نیک وبد کھاتا ہے''۔

اس شخص نے کہا۔ ''میرا دکھ درد دنیا کے لئے نہیں ہے کیونکہ دنیا کا معاملہ ایسا ہے جیسا کہ آپ نے کہا ہے''۔

پھر آپ نے فرمایا: ''اگر تمہارا افسردہ ہونا آخرت کے لئے ہے تو وہ ایک سچا وعدہ ہے جس میں ایک قاہر شہنشاہ فیصلہ فرمائے گا''۔

وہ شخص بولا۔ ''میرا افسردہ ہونا اس وجہ سے نہیں ہے آخرت تو ویسی ہو گی جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے۔ آپ کی افسردگی کی وجہ کیا ہے؟''۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا:

''میں فتنہ ابن زبیر سے خوف زدہ ہوں''۔

اس شخص نے کہا: ''اے علی! کیا تو نے کوئی ایسا شخص دیکھا ہے جس نے اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز طلب کی ہو اور اسے نہ ملی ہو''۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''نہیں''۔

اس شخص نے پھر کہا: 'کیا تو نے کوئی ایسا شخص دیکھا ہے جو خوف الٰہی رکھتا ہو اور اللہ تعالیٰ نے اس کے کام میں کمی کی ہو''۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''نہیں''۔

اس کے بعد وہ شخص آنکھوں سے غائب ہو گیا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ وہ شخص حضرت خضر علیہ السلام تھے جو آپ سے راز کی باتیں کر رہے تھے۔

چڑیوں کا تسبیح پڑھنا:۔ ایک راوی سے مروی ہے کہ میں ایک روز امام علی بن حسین علیہ السلام کے ہاں تھا کہ آپ کے گرداگرد بہت سی چڑیاں مذبح بنائی جا رہی تھیں۔ آپ نے فرمایا: ''اے فلاں! تمہیں معلوم ہے کہ یہ چڑیاں کیا کہہ رہی ہیں؟''

اس شخص نے کہا: ''حضور۔ میں کچھ علم نہیں رکھتا''۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''یہ چڑیاں اپنے رب کی تسبیح پڑھ رہی ہیں اور آپ کے لئے روزی نہیں مانگتیں''۔ زاہد دنیا کون؟

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شب ایک سائل یہ کہہ رہا تھا کہ: ''وہ زاہد دنیا کہاں ہیں جو آخرت کی رغبت رکھتے ہیں''۔

ازاں بعد جنت البقیع کی جانب سے ایک نادیدہ شخص کی آواز سنائی دی کہ: ''وہ زاہد علی بن حسین علیہ السلام ہیں''۔

ہرن کا آپ کے ساتھ کھانا کھانا :۔ایک دن کا ذکر ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام اپنے غلاموں بچوں اور دیگر رفقاء کے ہمراہ جنگل میں گئے اور چاشت کے کھانے کے لئے دسترخوان بچھا دیا' دیکھتے دیکھتے وہاں ایک ہرن آ کر ساکت ہو گیا۔آپ نے اس کی طرف چہرہ کر کے کہا: ''میں علی بن حسین بن علی ابی طالب ہوں اور میری والدہ محترمہ فاطمہ علیہ السلام بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔آؤ اور ہمارے ساتھ چاشت کا کھانا کھاؤ''۔ ہرن آیا اور اس نے کچھ کھانا کھایا پھر صحرا کی جانب واپس چلا گیا۔غلاموں میں سے ایک نے آپ کی خدمت میں عرض کیا: یا امام ہرن کو دوبارہ بلائیے۔امام زین العابدین نے فرمایا: ''ہم اسے پناہ دیں گے تم اسے مت چھیڑنا''۔اس نے عرض کیا: ''حضور ہم اسے ہرگز نہیں چھیڑیں گے''۔ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''اے ہرن! میں علی بن حسین بن علی بن ابی طالب ہوں میری والدہ محترمہ رسول اللہ کی بیٹی ہیں''۔وہ یہ سن کر پھر آ گیا اور دسترخوان کے قریب ٹھہر گیا اور آپ کے ہمراہ کچھ کھانا شروع کر دیا۔ان اصحاب میں سے کسی نے ہرن کی پشت پر دست دراز کیا تو ہرن بھاگ گیا ۔پھر امام زین العابدین نے فرمایا: ''تم نے میری پناہ کو سلامت نہیں رہنے دیا۔اب میں تم سے کسی قسم کی بات نہ کروں گا''۔

اونٹنی کی کاہلی دور فرمانا :۔ایک روز کا ذکر ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام کی اونٹنی چلتے چلتے راستہ میں کاہلی کرنے لگی۔آپ نے اسے عصا دکھا کر کہا۔''تیز چلو ورنہ اس عصا سے تمہاری مرمت کی جائے گی''۔اونٹنی نے آپ کی یہ ڈانٹ سن کر تیز چلنا شروع کر دیا اور ازاں بعد رفتار میں کبھی کاہلی نہ کی۔

ہرنی کا بارگاہ امام علیہ السلام میں فریاد کرنا :۔ایک روز امام زین العابدین علیہ السلام اپنے رفقاء کے ہمراہ جنگل میں تشریف فرما تھے کہ اچانک ایک ہرنی آئی اور آپ کے سامنے کھڑی ہو کر اپنا پاؤں زمین پر مار کر زار و قطار چیخنے لگی۔آپ کے رفقاء نے آپ سے دریافت کیا: ''اے ابن رسول اللہ! یہ ہرنی کیا کہتی ہے؟'' امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''ہرنی کہتی ہے کہ کل فلاں قریشی میرا بچہ اٹھا لایا ہے اور میں نے کل سے بچہ کو دودھ نہیں پلایا''۔یہ سن کر بعض رفقاء کے دل میں شک پیدا ہوا۔آپ نے اس قریشی کو بلایا۔وہ آ گیا تو امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''یہ ہرنی شکایت کر رہی ہے کہ تم نے اس کا بچہ اٹھا لیا ہے اس نے ابھی اسے دودھ بھی نہیں پلایا۔اب اس نے مجھ سے درخواست کی ہے کہ میں تجھے کہوں کہ تو اس کا بچہ واپس دے دے تا کہ یہ اسے دودھ پلا لے۔پھر بچہ کو دودھ پلانے کے بعد تجھے بچہ واپس لوٹا دے گی۔قریشی نے آپ کی بات مانتے ہوئے بچہ لا کر حاضر کر دیا۔ہرنی نے بچہ کو دودھ پلایا تو آپ نے قریشی سے کہا کہ وہ بچہ کو آزاد کر دے۔قریشی نے آپ کے کہنے پر بچہ کو آزاد کر دیا اور آپ نے دونوں ماں بیٹا یعنی ہرنی اور اس کے بچہ کو دونوں کو آزاد کر دیا۔وہ اچھلتی کودتی خوشی سے واپس چلی گئی۔ازاں بعد آپ کے رفقاء نے آپ سے دریافت کیا: ''یا ابن رسول اللہ! اب یہ اونٹنی کیا کہتی ہے؟'' امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: ''وہ تمہیں جاتے ہوئے بہتر دعاؤں سے یاد کرتی تھی''۔

آخری وقت سے مطلع فرمانا :۔جس شب امام زین العابدین علیہ السلام نے وصال فرمایا' آپ نے اپنے صاحب زادے امام محمد باقر علیہ السلام سے فرمایا: ''صاحب زادے! میرے واسطے وضو کے لئے پانی لاؤ''۔وہ پانی لائے تو وہ پانی ٹھیک نہیں تھا یعنی اس میں چوہا مرا ہوا تھا اور اندھیری رات تھی اس لئے اچھی طرح دیکھ نہ سکے۔پھر آپ کے لئے مزید پانی لایا گیا جس سے آپ نے وضو کر کے فرمایا: ''اے میرے فرزند! آج میرا وقت وصال ہے''۔ازاں بعد اپنے فرزند کو کچھ وصیتیں کیں

امام زین العابدین کے فراق میں اونٹنی کی موت :۔امام زین العابدین علیہ السلام کی ایک اونٹنی تھی جو کہ معظمہ جاتی تو آپ اس کے پالان کے آگے چابک لٹکا دیتے۔اس لئے تمام راستہ اسے چھڑی بھی مارنی نہ پڑتی اور آنے جانے میں کسی قسم کی مشکل کا سامنا نہ ہوتا ۔جب آپ کا وصال شریف ہوا تو وہ اونٹنی آپ کی قبر کے سرہانے آ کر اپنی چھاتی زمین پر رکھ کر آہ وزاری کرتی۔ امام باقر علیہ السلام نے اسے اس حالت میں دیکھ کر فرمایا: ''اے ناقہ! اٹھ اللہ تعالیٰ تجھے برکت دے''۔اونٹنی نہ اٹھی تو امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: ''اسے چھوڑ دو۔وہ جا رہی ہے''۔ازاں بعد وہ اونٹنی تین دن زندہ رہ کر پھر موت کا مزہ چکھ گئی۔

حجر اسود کا فیصلہ کرنا :۔امام عالی مقام حسین علیہ السلام کی شہادت کے بعد محمد بن حنیفہ زین العابدین علیہ السلام کے پاس آئے اور کہا: ''اے بیٹا! میں تمہارا چچا ہوں اور تم سے عمر میں بھی بڑا ہوں اس لئے امامت کا اولین حق میرا ہے۔اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جنگی اوزار بھی

دے دیں"۔امام زین العابدین علیہ السلام نے کہا: "اے میرے عم محترم! خدا سے ڈرو اور جس چیز کے تم اہل نہیں ہو اس کا دعویٰ نہ کرو"۔ازاں بعد پھر محمد بن حنفیہ نے یہی کہا تو امام زین العابدین نے کہا: "اے میرے عم محترم! آؤ حاکم کے پاس چلیں جو وہ ہمارے درمیان فیصلہ کرے وہ بہتر ہوگا"۔محمد بن حنفیہ نے کہا: "وہ کونسا حاکم ہے جو ہمارا فیصلہ کرے گا"۔امام زین العابدین علیہ السلام نے کہا: "وہ فیصلہ کرنے والا حاکم حجر اسود ہے"۔جب دونوں صاحب وہاں پہنچے تو امام زین العابدین علیہ السلام نے اپنے عم محترم سے کہا: "اے عم محترم! اس سے بات کرو"۔حضرت محمد بن حنفیہ نے حجر اسود سے بات کی مگر کوئی جواب نہ ملا۔پھر امام زین العابدین علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں دعا کیلئے ہاتھ اٹھائے اور ذات باری تعالیٰ جل جلالہٗ الکریم کو اس کے صفاتی اسماء سے یاد کیا تو حجر اسود گفتگو کرنے لگا۔تب آپ نے اپنا چہرہ حجر اسود کی جانب کر کے کہا: "تجھے اس رب کی قسم ہے جس نے اپنے بندوں کے وعدے تجھ پر رکھے ہوئے ہیں ہمیں اس بات سے مطلع کرو کہ امام حسین علیہ السلام کے بعد امام اور نابالغ کی سرپرستی کا حق کسے حاصل ہے؟" حجر اسود آپ کی یہ بات سن کر کانپ اٹھا۔قریب تھا کہ اپنی جگہ سے گر پڑتا لیکن نہایت فصیح و بلیغ زبان میں گویا ہوا: "اے محمد بن حنفیہ! یہ چیز مسلمہ ہے کہ امام حسین علیہ السلام کے بعد امامت کا حقدار علی بن حسین علیہ السلام ہی ہے"۔

امام پاک علیہ السلام کا دو افراد کو نجات دلوانا :۔ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ دوران طواف ایک عورت اور ایک مرد کا ہاتھ حجر اسود سے چمٹ گیا۔ہر طرح سے چھڑانے کی سعی کی گئی لیکن وہ چمٹے رہے لوگوں نے یہ حال دیکھ کر مشورہ دیا کہ ان کے ہاتھ کاٹ دیئے جائیں۔دیکھتے ہی دیکھتے آپ وہاں آ نکلے اور انہیں دیکھ کر آگے آ گئے۔آپ نے اپنا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر پھیرا تو ان کے ہاتھوں کو رہائی مل گئی۔پھر وہ دونوں وہاں سے چلے گئے۔

ملک کو سلامتی بخشنا :۔ازاں بعد عبدالملک بن مروان نے حجاج بن یوسف کو ایک نامہ لکھ کر ہدایت کی کہ وہ بنو عبدالمطلب کے قتل سے منہ موڑ لے کیونکہ آل ابی سفیان اس بارے میں خیال کرتی ہے کہ بنو امیہ کی حکومت بہت جلد ختم ہو جائے گی عبدالملک نے یہ نامہ پڑھ کر ارسال کیا جس سے امام زین العابدین علیہ السلام کو آگاہ کیا گیا۔آپ نے عبدالملک بن مروان کو تحریر کیا کہ تم نے فلاں روز اور فلاں وقت حجاج بن یوسف کو کسی قسم کا خط تحریر کیا تھا۔مجھے خواجہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلع فرمایا ہے کہ وہ خط اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔جس کے سبب سے تیرے ملک کو اس نے سلامتی بخشی ہے۔آپ نے وہی عبارت تحریر کر کے نامہ ایک غلام کو دیا اور اسے اپنی اونٹنی پر سوار کر کے عبدالملک کی جانب روانہ کیا۔عبدالملک نے خط کی تحریر کو اپنے خط کے مطابق پایا تو اسے آپ کے حق پر ہونے کا اعتبار آ گیا۔بہت مسرور ہوا اور اسی اونٹنی پر اتنے درہم و دینار لاد کر آپ کو بھیج دیئے جن کی وہ بردبار ہو سکتی تھی۔

امام پاک کا دشمن کے حق میں بددعا کرنا :۔

ایک شخص منہال بن عمرو نامی نے کہا کہ ایام حج میں میں امام زین العابدین علیہ السلام کو ملنے گیا تو آپ نے مجھ سے ایک شخص کے بارے میں دریافت کیا تو میں نے عرض کیا میرے آقا وہ تو کوفہ میں موجود ہے۔پھر آپ نے اس کے حق میں مندرجہ ذیل الفاظ سے بددعا کی: "اے اللہ اسے لوہے کی حرارت سے جلا دے اسے اللہ اسے نار کی حرارت سے جلا دے"۔جب میں کوفہ میں واپس آیا تو معلوم ہوا کہ مختار بن ابی عبید بغاوت کر چکا ہے۔میں نے اس سے تعلقات استوار کئے اور اس کی ملاقات کے لئے گھوڑے پر سوار ہو گیا۔جب اس کے پاس پہنچا تو وہ بھی گھوڑے پر سوار ہو رہا تھا۔میں اس کے ہمراہ ایک ایسی مقام پر پہنچا جہاں اس نے ایک شخص کا انتظار کرنا شروع کر دیا۔اچانک اس شخص کو بلوایا گیا جس کیلئے بددعا کی تھی۔مختار نے کہا! "الحمد اللہ! اللہ تعالیٰ نے مجھے تم پر حاوی کیا ہے"۔اس نے جلاد کو بلایا تا کہ اس کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ ڈالے۔ازاں بعد اس نے آگ لانے کو کہا جس میں اسکو پھینک دیا گیا اور وہ جل گیا۔میں نے جب اس واقعہ کو دیکھا تو اللہ کی پاکی بیان کی۔مختار نے اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنے کا سبب پوچھا تو میں نے امام زین العابدین علیہ السلام کی بددعا کا قصہ بیان کیا۔اس نے مجھے قسم دے کر اس کی تصدیق چاہی۔میں نے کہا! "ہاں میں نے خود سنا ہے"۔مختار گھوڑے سے نیچے اترا اور دو رکعت نماز نفل ادا کی اور اس کے بعد دیر تک سر بسجود رہا۔سر سجدہ سے اٹھا کر وہاں سے چل دیا۔میں بھی ان کے ہمراہ چل دیا۔راستے میں میرا مکان تھا۔میں نے مخلصانہ انداز میں اسے گھر آنے کے لئے دعوت دی تا کہ کھانا پیش کروں۔مختار نے کہا! "اے منہال! جب کہ تو نے مجھے خود مطلع کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے امام زین العابدین علیہ السلام کی دعا کو قبول کر لیا ہے۔تو پھر مجھے کچھ کھانے کے لئے کیوں کہتا ہے میں تو آج شکریہ کا روزہ رکھوں گا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کی توفیق دی ہے"۔

قسط 42 جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

روحانی واقعات کے سلسلہ کی بیالیسویں قسط قارئین کی خدمت میں حاضر ہے دراصل گزشتہ جتنی بھی اقساط پیش کی گئی اس مضمون کے سلسلہ میں قارئین کی جانب سے بے حد پذیرائی ملی۔ بہت سے دوستوں نے بذریعہ فون اور خط بتایا کہ انہوں نے اب تک مضمون جنات کی روحانی واردات سے بہت کچھ سیکھا ہے اور سیکھ رہے ہیں کیونکہ اس مضمون میں کوئی بھی بات پوشیدہ نہیں رکھی جاتی ہر عمل کو بہت آسان واضح طریقہ سے واقعہ کی شکل میں بتادیا جاتا ہے جس سے مشکل بات باآسانی سمجھ آجاتی ہے۔

محمد اکرم ایک صبح پریشان حالت میں آئے چہرے پر گھبراہٹ اور سردیوں میں پسینہ جسم پر کپکپی لفظوں کی ادائیگی اس بات کا پتہ دے رہی تھی کہ معاملہ سنگین نوعیت کا ہے ویسے تو یہ سرکاری محکمہ میں افسر تھے مگر ان دنوں انتہائی پریشانی کی وجہ سے اپنے محکمانہ فرائض درست طریقہ سے انجام نہ دے پارہے تھے۔

میری کسی طرح بھی جان چھڑوائیں لگتا ہے کہ مجھے کچھ ہوجائیگا۔ رات سے میرا دل گھبرائے جارہا ہے بس یوں لگتا ہے کہ جیسے اب جان نکلی ایسے میں میں نے توبہ استغفار کی لیکن کسی بھی شدت میں کوئی کمی نہ آئی بار بار آپکی جانب دھیان جاتا تھا کہ کب صبح ہو اور میں شاہ صاحب سے مل کر اس پریشانی کا حل اور سکون پاؤں۔ میرے دل کی دھڑکن مسلسل بڑھ رہی ہیں اور کبھی اس قدر کم ہوجاتی ہے کہ جیسے ہاتھ پاؤں سے جان نکل رہی ہو۔ اکرم نے بہت گھبراہٹ میں مشکل سے یہ الفاظ ادا کئے۔

پریشانی کی کوئی بات نہیں اکرم۔ اللہ کی ذات سب سے بڑی ہے آپکو کچھ نہیں ہوتا وہ سب سے بڑا طاقت والا ہے کلام الہیٰ سے بڑھ کر کچھ بھی نہیں اگر صدق دل سے آپ اللہ سے معافی طلب کروگے اور اللہ کے کلام کا آسرا لوگے تو کوئی بھی پریشانی آپ کیلئے نہیں ہے۔ اکرم کو حوصلہ دیتے ہوئے بات کی اور پانی کا گلاس اُسکی طرف بڑھایا۔

اُس نے لمبے گھونٹ بھرتے ہوئے پانی کو جلدی سے ختم کیا۔ اب اُسکے سر پر ہاتھ رکھ کر آیت الکرسی اور سورۃ مزمل کا ایک بار ورد کیا اور کچھ دیر سکون کیلئے کرسی کے ساتھ ٹیک لگا کر آنکھیں بند کر کے گنبد خضریٰ کا تصور کرنے کو کہا تقریباً 10 منٹ بعد اُسکی حالت بہتر ہوئی اور وہ بات کرنے کے قابل ہوا۔

شاہ صاحب! بات ایسے ہے کہ آج سے آٹھ سال قبل خاندان والوں کی مخالفت مول لے کر میں نے شادی کی ہماری زندگی بہت اچھی گزری پہلے چھ سال انتہائی مثالی تھے۔ اللہ نے ایک بیٹی اور ایک بیٹا دیا۔ وہ میرے ساتھ بھرپور تعاون کرتی پھر ہم نے ایک چھوٹا سا کاروبار شروع کیا بوتیک کے اس کام میں ہمیں اچھا فائدہ ہوا۔ کام بڑھتا گیا گھروں میں خواتین سے وہ کپڑے سلواتی اُس کی لاگت کا اندازہ لگاتے سلائی کڑھائی کا تخمینہ لگانے کے بعد ہم اُس سے ڈبل قیمت اُس سوٹ کی مقرر کردیتے ملتان کی کڑھائی ویسے بھی بہت زیادہ مشہور ہے دوسرے شہروں میں جاکر وہ کپڑا فروخت کر دیتی دو تین بار ہم نے مختلف شہروں کے ہوٹلوں میں صنعتی نمائش میں بھی حصہ لیا۔ پھر اسی دوران اُسکا تعلق کسی شخص سے ہوگیا میں اعتماد میں مارا گیا اُس کا ہمارے گھر آنا جانا شروع ہوا پھر یہ ہوا کہ اب گھر میں اکثر و بیشتر اُسکی پسند اور ناپسند کا خیال رکھا جاتا۔ چند ماہ بعد مجھے اندازہ ہوا کہ مسئلہ کچھ گڑبڑ ہونے کی جانب جارہا ہے۔

اپنی بیگم سے اُس شخص سے متعلق کچھ تحفظات کا ذکر کیا جس پر وہ سیخ پا ہو گئی۔ اکرم تم میرے اور اپنے معاملہ میں آج کے بعد نہ بولے گے اور تم نے یہ شبہ ظاہر کر کے میرے ساتھ اچھا نہیں کیا کیا تم کو میں ایسی لگتی ہوں۔ اُس کا چہرہ غصہ سے سرخ ہوگیا۔ اُس روز بات کچھ تلخ کلامی کے بعد ختم ہوگئی۔

مزید چند ماہ گزرے تو اُس شخص کا بلاتکلف ہمارے بیڈروم میں آنا مجھے ناگوار گزرا اب وہ ڈرائینگ روم سے بلا جھجک دوسرے کمروں میں بھی آجاتا تھا۔ اُسے اس بات سے منع کیا تو وہ ناراض ہوکر گھر سے چلا گیا لیکن اُسکے جانے کے بعد ہم میاں بیوی میں شدید لڑائی شروع ہوگئی اور اس روز تو خوب تماشا بنا وہ کچھ ہوا کہ جو میں نے کبھی سوچا بھی نہ تھا۔

اس واقعہ کی خبر میں نے اُس کے والد کو دی جس پر اُس نے کہہ دیا کہ ہمارا اس سے کوئی واسطہ نہیں یہ تم دونوں میں میاں بیوی کا مسئلہ ہے آپس میں مل بیٹھ کر حل کرلو۔

یہ بات کہتے ہوئے اکرم کا سانس پھول رہا تھا غصہ کی شدت کا اندازہ اُس کے چہرہ سے ہو رہا تھا پھر اُس نے اپنی انگلیوں سے سر کے بالوں کو پکڑ کر کھینچا اور چند منٹ کیلئے اسی حالت میں سر جھکا بیٹھ گیا اُس کو پھر پانی کا ایک گلاس دیا اور کہا کہ یہ پیو اور پوری بات بتاؤ۔

میں اُسے اُس کے حال پر چھوڑ کر دو دن گھر نہ گیا لیکن اُس نے بھی کوئی خبر نہ لی تیسرے دن گھر آیا اب میرا دماغ پہلے سے بہت زیادہ خراب ہو چکا تھا کیونکہ گھر کا دروازہ اُس شخص نے کھولا اُسے برا بھلا کہا کہ تم نے میرے گھر کو برباد کر دیا جس پر وہ مسکراتا ہوا اندر چلا گیا۔ میرا مسئلہ یہ تھا کہ میں فوری طور پر کوئی سخت ایکشن بھی نہیں لے سکتا تھا کیونکہ ہم لوگوں میں حق مہر کے طور پر بہت کچھ لکھوایا جاتا ہے۔ ہماری محبت کی شادی تھی اس لئے میں نے حق مہر میں بہت زیادہ سونا پلاٹ اور زمین لکھ کر دی ہوئی تھی۔ بلکہ شادی کے دو سال بعد جب ہماری محبت عروج پر تھی تو یہ سب چیزیں میں نے اس کے نام کر دی تھی جس گھر میں ہم رہ رہے تھے وہ بھی اُسکے نام تھا اور میرا ایک کنال کا پلاٹ بھی اُسکے نام تھا اس کے علاوہ 35 تولے سونا بھی اُسکو دے چکا تھا یعنی کے میں پوری طرح کنگال تھا۔ بوتیک کے کاروبار سے تقریباً ماہانہ دو سے ڈھائی لاکھ منافع تھا۔ یہ رقم بھی اُسی کے اکاؤنٹ میں تھی یعنی میں مکمل طور پر خالی ہو چکا تھا۔

ان دو روز میں اُس نے میری اولاد کو مجھ سے اتنا باغی کر دیا تھا کہ بچے میری شکل دیکھ کر اُس شخص کے پاس چلے گئے جسے میں سخت ناپسند کرتا تھا اب میرے بچے اُس کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھا رہے تھے اور خوش گپیوں میں مصروف تھے میرا خون جل رہا تھا۔ کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کیا کروں جی چاہتا تھا کہ ابھی ان دونوں کو موت کے گھاٹ اتار دوں لیکن مجھ میں اتنی ہمت اور حوصلہ نہ تھا۔

اپنی اس پریشانی کے بارے میں سوچ سوچ کر تقریباً ذہنی توازن کھو چکا تھا اسی دوران ایک بزرگ کی جانب سے نصیحت یاد آ رہی تھی کہ بقول اُن بزرگ کے کہ یہ قرآن کے الفاظ اور حدیث ہے لیکن میں نے اب تک کسی سند کے ساتھ یہ قول نہ سُنا تھا اسلئے میں اس قول کو قرآنی حدیث سے منسوب نہیں کرتا لیکن قول اچھا تھا اس لئے دماغ کے کسی کونے میں رہ گیا۔

''عورت کو عمر کے کسی حصہ میں آزادی نہ دو''

اب میں نے تہیہ کر لیا کہ روحانی علوم کا سہارا لے کر میں ان دونوں کو تباہ و برباد کرونگا تقریباً ایک سال تک کسی شخص سے رابطہ میں رہا اُس نے چلے وظیفے اور دوسری چیزیں کروائیں مگر کوئی اثر نہ ہوا۔ پھر پتہ چلا کہ فلاں شخص ہے وہ قبرستان میں رہتا ہے اور کئی روحانی طاقتیں اُس کے پاس ہیں اُسکی خدمت میں 6 ماہ تک حاضر ہوتا رہا اس ڈیڑھ سال تک کے عرصہ میں میرے گھر میں داخلہ صرف اتنا تھا کہ ایک الگ کمرہ میں رہتا اپنے الگ کھانے کا بندوبست کرتا میری بیوی جبراً مجھ سے میری تنخواہ لے لیتی۔ صرف تھوڑے بہت خرچہ کے پیسے میرے پاس رہتے اپنا دُکھ میں کسی کو بیاں بھی نہیں رسکتا تھا کیونکہ دفتر اور دیگر حلقہ احباب میں میری اچھی عزت ہے جس شخص سے میں علم سیکھ رہا تھا اُس نے ایک دن مجھ سے اُلو کے ناخن اور پر لانے کو کہا جس بات سے اندازہ ہوا کہ وہ کچھ بڑا کرنے والا ہے۔

دیکھ اکرم بیٹا اب میں نے ایک بڑا کام کرنا ہے مجھ سے تیری یہ بے بسی نہیں دیکھی جاتی جس نے تیرا گھر برباد کیا اب اُن دونوں کا نمبر لگانا ہے تو میری اتنی خدمت کرتا ہے اور مجھے تیرے اوپر ترس آتا ہے اب میں ان کے ساتھ کیا کرتا ہوں تماشا تو دیکھے گا مجھے کہیں سے زندہ یا مردہ بڑا اُلو لا کر دے۔ اگر تو قبرستان سے کوئی ہڈی بھی لا سکتا ہے تو وہ بھی لا کر دے بابا کمالے نے بڑے رعب دار انداز میں مجھے حکم دیا۔

بابا کمالا ایک مخصوص حلقہ میں بہت پراسرار مانا جاتا تھا کئی لوگ اس سے رات اور دن کو چوری چھپے ملنے آتے اُس نے اپنے آپ کو پراسرار علوم بارے مخفی رکھا ہوا تھا۔ یہ تو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ بابا ایک ایک ماہ تک نہاتا نہیں تھا سر میں چند کالے بال تھے باقی سارا سر سفید نہ نہانے کی وجہ سے داڑھی مونچھیں اور بال سخت ہو چکے تھے۔ صبح اُٹھ کر پاس رکھے گڑھے سے دو چھینٹے مار لیتا تھا تو جانو اُسکی صبح ہو گئی۔ شاید قرآن بھی نہ پڑھا ہوا تھا لیکن ہاتھ میں ہمیشہ تسبیح نما مالا گھومتی رہتی تھی کیا پڑھتا تھا یہ تو مجھے بھی آج تک نہ پتہ چلا لیکن اس چھ ماہ میں نے اُسے کبھی نماز پڑھتے یا سجدہ کرتے ہوئے نہ دیکھا تھا مگر مجھے اکثر و بیشتر نماز کا کہتا تھا۔

اُلو کی تلاش میں نکل پڑا اُس کا حکم ایسا تھا کہ جیسے میرے لئے پتھر پر لکیر ہو اکرم یہ بات بتاتے ہوئے کچھ زیادہ ہی جذباتی ہو گیا اب اُسکے چہرے سے خوف دہشت اور وحشت ختم ہوتی جا رہی تھی۔ یہ ساری تفصیل بتاتے ہوئے اُسکو ذرا بھر بھی نہ ٹوکا۔ یقین ہو چکا تھا کہ میں اُسکی بات بہت دھیان سے سُن رہا ہوں اور اُسے ضرور مناسب حل بتاؤنگا اُس نے بتایا کہ میں شاہ صاحب کئی پرندوں والوں سے اُلو کا معلوم کیا۔ چھوٹے اُلو تو ملتے تھے لیکن بڑی قسم کا اُلو جس کی نشانیاں بابا کمالے نے بتائی تھی کہ وہ تقریباً چیل سے بڑے حجم کا ہوتا ہے پتہ چلا کہ راولپنڈی سے ایسا اُلو مل سکتا ہے۔ میں اگلے روز اپنے سفر پر نکل پڑا کہ اچانک میرے سامنے ایک سیاہ سایہ نمودار ہوا۔ (جاری ہے)

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد تسدیس مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	03	08:53 تا 09:47	15:08 تا 16:03	مشرق	22:15 تا 23:21	شمال مشرق

خاتمہ امراض

(مقصد عمل) ایسے مریض جو کہ بلڈ پریشر کا شکار ہوں کئی علاج کروانے کے بعد بھی شفاء حاصل نہ ہو رہی ہو اس عمل کی قوت سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) مریض کے قد کے برابر ایک سرخ رنگ کی ڈوری لیں۔ اس ڈوری پر حروف صوامت جو کہ بندش کے لیے استعمال ہوتے ہیں 13 بار پڑھ کر 1 گرہ لگا دیں لیکن پڑھتے وقت اپنے سانس کو روک لیا جائے اسی طرح کچھ فاصلے پر دوسری گرہ لگائی جائے لیکن اس وقت میں اس مریض کو اپنے سامنے لٹائیں ایسے ہی اس ڈوری پر 13 گرہ لگائیں اور یہ ڈوری مریض کو پہننے کے لیے دے دیں حیرت انگیز طور پر دیکھا گیا ہے کہ مریض کو دوبارہ بلڈ پریشر کی شکایت نہیں ہوتی ہے۔ نقش بنانے کے لیے عدد 543 کو چاروں چالوں سے مربع میں پر کریں نیچے مقصد تحریر کرنے کے بعد خاکی نقش مریض کو پہننے کے لیے دیں جبکہ باقی تین نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کریں۔

زہرہ تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	04	08:00 تا 08:53	11:34 تا 12:27	شمال مشرق	21:08 تا 22:15	شمال

دشمن کو تباہ و برباد کرنا

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت آپ اپنے دشمن کو تباہ و برباد کرنے کے لیے یا اُس کے کاروبار کو بند کرنے کے لیے عمل کر سکتے ہیں یاد رہے کہ معمولی رنجش کی بناء پر یہ عمل کرنے والا خود بڑی مُصیبت میں گرفتار ہو جائے گا عمل صرف ایسی جگہ کیا جائے کہ جو شخص ناجائز طریقہ سے کمائی گئی مال و دولت کے سرپرغرباء اور شریف لوگوں کو بلاوجہ تنگ کرتا ہے۔

(عمل) اس وقت سے قبل ان جگہوں کی مٹی حاصل کر لیں، گدھے کے لیٹنے کی جگہ کی مٹی + عیسائی قبرستان کی مٹی + کھنڈر مکان کی مٹی + فقیر کی جھونپڑی کی مٹی + مسلمان قبرستان کی مٹی + صحرا کی ریت + خودکشی سے مرنے والے کی قبر کی مٹی کو ایک جگہ جمع کر لیا جائے اوپر دیئے گئے وقت اور سمت کے مطابق 80 بار سورۃ الہب بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے پڑھی جائے اس مٹی کو جس شخص کو تباہ و برباد کرنا ہو اُس کے دوکان یا مکان میں ڈال دی جائے وہ شخص جلد ہی تباہ و برباد ہو جائے گا ناجائز عمل کرنے والا یا کسی کو ناحق تکلیف پہنچانے والا اس عمل کے اثر سے چند دن میں ہی خود تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔ بہت سے دوست جن کو نظرات کی اہمیت کا علم نہیں ہوتا یا بعد میں اس قسم کے اعمال پڑھتے ہیں تو عام ایام میں کرنے کی اجازت طلب کرتے ہیں عمل شر صرف ہفتہ اور منگل کو کیے جائیں۔

شمس تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	11	11:34 تا 12:28	13:23 تا 14:17	شمال مغرب	17:55 تا 19:01	شمال مشرق

دشمن کی جائیداد یا عمارت تباہ

(مقصد عمل) آپ اس دوران ایسے دشمن کی جائیداد یا عمارت کو تباہ و برباد کر سکتے ہیں کہ جس عمارت میں غیر شرعی اور ناجائز کام ہوتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ ناجائز طریقہ سے کمائی گئی دولت سے شرفاء کو تنگ کرتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ کسی ظالم شخص کے ہاتھوں تنگ آ چکے ہوں اور طاقتور شخص کے سامنے کمزور ہوں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) اس عمل کی تیاری قبل از وقت کریں ساعت نظر کے آغاز سے 2 روز قبل قبرستان میں مطلوبہ قبور تلاش کر کے رکھی جائے کہ عین وقت عمل آپ کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس عمل کے لئے دن کی ساعت بھرپور مددگار ثابت ہوں گی۔ 8 عدد ایسی قبروں کی مٹی حاصل کی جائے کہ جو لوگ قتل ہوئے ہوں یا خودکشی کی گئی ہو یا کسی طویل بیماری کے سبب موت واقع ہوئی ہو۔ ان 8 قبروں کی مٹی کو اکٹھی کر لیں بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے اس مٹی پر 80 بار سورۃ الہب پڑھ کر اس مٹی پر پھونک دیں گے اور پھر کسی وقت بھی وہ مٹی اس عمارت یا اُس جگہ کو جسے برباد کرنا ہو وہاں پھینک دیں گے۔ روزانہ 80 بار سورۃ الہب بعد نماز عشاء 8 روز تک بلاناغہ پڑھیں۔ جلد مقصد کا حصول ہوگا۔

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ ادارہ روحانیات

عطارد تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
بدھ	14	06:56 تا 07:51	16:09 تا 17:05	مشرق	20:09 تا 21:14	جنوب مشرق

نفاق وجدائی

(مقصد عمل) اس ماہ کی اس خاص نظر سے آپ دو ناجائز ملنے والے دوستوں کو جدا کر سکتے ہیں یعنی کہ ایسے افراد جو کہ غیر شرعی حرکات یا بدفعلی کے مرتکب ہوں یا کے وہ افراد جن کے آپس میں ملنے سے پر امن جگہ پر لڑائی جھگڑا جنم لیتا ہو یعنی کہ غرض ایسے تمام لوگوں کو جدا کرنے کہ لیے یہ عمل ہے کہ جو لوگ شر پھلاتے ہوں۔ اُنکے درمیان نفاق وجدائی پیدا کی جاسکتی ہے۔

(عمل) ساعت کے آغاز سے قبل آم یا امرود کے درخت کی دو ایسی شاخیں حاصل کریں جو کہ ایک ہی ٹہنی سے ہوں بغیر بسم اللہ اور بغیر درود شریف سے 90 بار آیت مبارکہ "**والقینا بینھم العداوت والبغضاء الا یوم القیم**" پڑھ کر پھونک دیں اور بعد میں کسی تیز دھار چھری سے ان دو شاخوں کو درمیان سے علیحدہ کر دیں ان دونوں شاخوں کو قبرستان میں اس طرح دبائیں کہ پہلے ایک شاخ کو دبانے کے بعد دوسری شاخ کو دبانے کیلئے درمیان میں 9 عدد قبروں کا فاصلہ ہو تو دوسری شاخ بھی دبا دیں اب درمیان والی قبر پر کھڑے ہو کر 90 بار اسی آیت مبارکہ کو دوبارہ بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے ورد کریں اول روز کو پہلا دن شمار کرنے کہ بعد مسلسل 9 دن تک یہ ہی آیت 90 بار پڑھیں۔ اس عمل سے ایسے پریشان والدین بھی فائدہ اُٹھا سکتے ہیں کہ جن کی اولاد من پسند شادی کرنا چاہتی ہو مگر والدین کی نظر میں وہ لوگ صحیح نہ ہوں۔

زہرہ تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعہ	16	09:42 تا 10:37	16:09 تا 17:05	شمال مغرب	20:09 تا 21:14	شمال مشرق

بزرگ خواتین سے دینی، دنیاوی فائدہ

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر میں بزرگ خواتین سے اپنے مقصد کے حصول کیلئے دعا کروائی جاسکتی ہے یا بزرگ خواتین سے دنیاوی اور دینی فائدہ کے حصول کیلئے مدد لی جاسکتی ہے یا وہ بزرگ خواتین جو کہ اثاثہ مال وجائیداد رکھتی ہو اور کوئی شخص ان سے مالی فائدہ لینے کا خواہشمند ہو سیاروں کی اس نظر میں عمل کر سکتا ہے۔

(عمل) نیلے رنگ کے کاغذ پر دائرہ بنائیں اس دائرہ کے اطراف میں **یا اللہ یا غنی یا مغنی یا منعم بحق یغنیھم اللہ من فضلہ بحق کھیعص بحق حمعسق بحق آلر بحق المر** تحریر کریں اور درمیان میں اپنا مقصد لکھیں۔

فرض کریں کہ ایک شخص کسی بھی بزرگ عورت سے مالی یا روحانی یا والدہ سے وراثتی جائیداد چاہتا ہے تو وہ شخص اس طرح دائرہ کے درمیان اس طرح عزیمت لکھے گا۔ الٰہی بحرمت اسمائے مبارکہ وہ آیت مبارکہ حروف مقطعات فلاں بن فلاں کا دل میرے لئے اس قدر نرم کر دے کہ (اپنا مقصد) فوری حل ہو بوسیلہ واسطہ **یا ایھا المزمل** ان شاءاللہ تعالیٰ چند یوم میں مقصد پورا ہوگا بشرط کہ درج بالا دعا مبارکہ مع اسم الٰہی روزانہ 313 بار اول آخر درود مزمل کے ہمراہ ورد میں رکھے۔

جو لوگ نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں درج بالا اسم الٰہیہ و آیت مبارکہ کے اعداد ابجد قمری استخراج کر کے نام مع سائل مع والدہ + اعداد مقصد + نام فرد حصول مقصد کل اعداد برآمد کر کے مربع خالی البطن تحریر کریں اور سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ باقی عمل ورد درج بالا طریقہ سے کریں۔

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	17	11:33 تا 12:28	09:04 تا 05:05	شمال مشرق	18:00 تا 19:05	شمال مغرب

خاتمہ جادو

(**مقصد عمل**) سیاروں کی اس نظر میں جادو کے خاتمہ کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے یعنی کوئی بھی شخص جس پر کوئی کالا یا سفلی علم ہوا ہو اور وہ شخص مسلسل ناکامی مایوسی کا شکار ہو کہ لاکھ کوشش کے باوجود بھی اس جادو کا توڑ نہ ہو رہا ہو۔

(**عمل**) اس نظر میں سفید چینی کی پلیٹ پر مع تعوذ و تکبیر آخری دو قل لکھیں زعفران کی سیاہی استعمال کریں اور آب زمزم سے اس پلیٹ کے نقش کو دھو کر بوتل میں محفوظ کر لیں اس پانی کو 14 روز بلا ناغہ اذان عصر استعمال کریں پانی پینے کا طریقہ اس طرح ہو کہ **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ اللہ اکبر** اور اس کے بعد آخری دو سورۃ مبارکہ (سورۃ الفلق، سورۃ الناس) پڑھ کر پھونک دیں پہلا گھونٹ پینے کے بعد 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور دوسرا گھونٹ پینے کے بعد پھر 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور تیسرے گھونٹ پر بھی 3 بار تعوذ اور تکبیر کا ورد کریں اس پانی کو مسلسل 14 روز تک استعمال کریں پانی پینے کے بعد دونوں ہاتھوں کو گیلا

کرلیں اور پورے جسم پر پھیر لیں انشاء اللہ جلد ہی جادو کے اثرات ختم ہونگے عمل کے آخری دن 72 روپے کی شیرنی بچوں میں تقسیم کردیں۔ نقش بنانے کے لیے 5296 کا مربع آتشی درج بالا طریقہ کے مطابق بنا کر استعمال کریں انشاء اللہ جلد ہی جادو کا توڑ ہوگا۔

عطارد تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	22	10:36 تا 11:32	17:00 تا 18:00	جنوب مشرق	19:05 تا 20:09	جنوب مغرب

عہدہ میں ترقی

(مقصد عمل) ایسے ملازم پیشہ افراد جو کہ ترقی کے خواہ ہوں اور کسی بھی صورت کوئی بھی اُمید نظر نہ آتی ہو اس عمل سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(عمل) دیئے گئے وقت میں **یا رافع** کا ورد 4000 بار پڑھیں آنکھیں بند اور دل کی طرف مکمل توجہ ہو ذہن میں اپنے مقصد کی طرف دھیان ہو بعد ورد اپنے لب سے اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے اس اسم کو لکھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں اول آخر درود شریف 19 بار پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر اپنے مقصد کی دعا کریں ان شاء اللہ بہت جلد مقصد میں کامیابی ہوگی۔

نقش بنانے کیلئے **یا رافع** کے عدد 351 سے نقش مربع بادی پُر کریں اور اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھیں آخر میں اس نقش کے اپنا مقصد اور مطلب لازمی لکھیں۔

زہرہ تربیع مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	25	07:48 تا 08:44	12:28 تا 13:24	جنوب	21:20 تا 22:20	شمال مغرب

تنزلی مرتبہ حاسدین

(مقصد عمل) ستاروں کی نظر کی ابتداء میں حاسدین اور مخالفین کو اپنے مرتبہ سے گرانے کے لیے یا ان کو ذلیل کرنے کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے یاد رہے کہ عام حالات کے چھوٹے موٹے اختلافات کی بناء پر یہ عمل نہ کیا جائے اگر بہت بڑی مجبوری ہو یا حاسدین و مخالفین سے آپ پریشان ہوں ان سے بچاؤ کا کوئی طریقہ نہ ہو تو آپ اس عمل کو کر سکتے ہیں۔

(عمل) 1 تسبیح استغفار 3 عدد لیموں اور ہر لیموں کے لیے 13 عدد سوئیاں پاس رکھیں ہر سوئی پر ایک بار سورہ کوثر پڑھیں اور لیموں میں پیوست کر دیں اسطرح سے ہر لیموں میں 13 سوئیاں پیوست ہونگی اور ایسے ہی 3 لیموں آپ بنائیں گے 1 لیموں کو آپ مخالفین کے گھر یا عمارت میں پھینک دیں دوسرا لیموں قبرستان میں دفن کر دیں اور تیسرا لیموں کسی کھنڈر مکان کے اندھیرے کمرے میں رکھ دیں انشاللہ آپ کا دشمن مقہور ہوگا حاسدین اور مخالفین پر آپ غالب آئیں گے اس عمل میں بسم اللہ اور درود شریف نہیں پڑھنی پڑتے وقت اپنے مخالفین کا مکمل تصور ذہن میں رکھیں۔ بعد میں 36 روپے کی نمکین چیز بچوں میں تقسیم کردیں، عمل کے دوران کھٹی یا کڑوی شے منہ میں لازمی رکھیں۔

شمس تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
اتوار	25	06:46 تا 07:48	13:24 تا 14:20	جنوب	20:11 تا 21:20	شمال مغرب

خاتمہ بندش روزگار

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت روزگار کی بندش ختم کرنے اور اپنی جائز خواہشات کی تکمیل کیلئے عمل کیا جا سکتا ہے۔

قارئین کرام نوٹ فرمالیں کہ اسی روز رات کو عطارد اپنے درجہ ہبوط سے گزر یگا لیکن عطارد کی نحوست اس عمل پر اثر انداز نہ ہوگی۔

(عمل) اس عمل میں اسم اعظم **یا باسط** 720 بار ورد کریں اگر نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں تو مثلث آبی کا نقش بنائیں عدد اسم **باسط** 72 ہیں۔ اسی اسم کے چاروں عناصر کے نقش بنائیں۔ نقش خاکی چال اپنے پاس رکھیں۔ باقی تینوں نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کرلیں۔ جو لوگ نقش نہ بنا سکیں وہ اسم **باسط** 72 بار ورد کرنے کے بعد 72 عدد چھوہاروں پر دم کر دیں۔ روزانہ ایک چھوہارہ لیں اور نہار منہ اس چھوارے پر 72 بار **یا باسط** پڑھ کر کھالیں۔ اپنے مقصد کی اور رزق روزی کی دعا کریں۔ ان چھوہاروں کی گٹھلی کو سنبھال کر رکھ لیں۔ چھوہارے ختم ہونے کے بعد روزانہ ان گٹھلیوں پر 72 بار **یا باسط** پڑھا جائے۔ ہر قسم کی بندش ختم ہونے ساتھ رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہوگا۔

رقم ارسال کرنے سے قبل ھدایت

1۔ ادارہ کا فون نمبر 0300-6351192 موبی کیش (جازکیش)، یوبی ایل اومنی، ایزی پیسہ میں رجسٹرڈ ہے۔
2۔ ایس ایم ایس کے آخر میں اپنا نام اور شہر ضرور تحریر کریں۔
3۔ لوح کا نام یا جس مقصد کے لئے آپ رقم ارسال کررہے ہیں وضاحت کریں۔
4۔ رقم ارسال کرنے کے بعد، اپنا مقصد لکھ کر بذریعہ ایس ایم ایس مطلع کریں۔

ہبوط عطارد

اس ماہ سیارہ عطارد ہبوطی درجہ پر 25 فروری 2018ء 21 بجکر 40 منٹ تا 26 فروری 10:20 بجے تک رہیگا۔ عطارد ہبوطی نحس درجات پر ہوتا ہے اور اس وقت یہ اپنی سعد قوتیں کھو دیتا ہے۔ سیارہ عطارد سے منسوب تمام مثبت امور منفی رجحان دیتے ہیں بالخصوص عزیز و اقارب میں اختلافات، اولاد کی جانب سے بری خبریں، ذہنی دباؤ میں اضافہ، منتشر خیالی، پاگل پن، بیرون ملک سفر میں رکاوٹوں کو جنم دیتا ہے۔ ان نحوستوں سے بچنے کیلئے پانچ رنگ کے اناج پرندوں کو ڈالیں یا پانچ کلو باجرہ پرندوں کو ڈالیں۔ خاص طور وہ وہ افراد جن کا تعلق برج جوزا اور سنبلہ سے ہے ضرور صدقہ دیں۔

پہلی ساعت 25 فروری 22:17 تا 23:23 شمال مغرب
دوسری ساعت 26 فروری 05:48 تا 06:46 شمال مغرب

سورج گرہن 15 فروری

جزوی سورج گرہن 15 فروری بروز جمعرات کو ہوگا۔ جبکہ سورج گرہن کا آغاز 23:56 پر ہوکر 16 فروری 2018ء کو 01:51 پر مکمل ہوکر 03:47 پر ختم ہوگا۔ اس جزوی سورج گرہن کی کل مدت 3 گھنٹہ 51 منٹ ہوگی۔

جزوی سورج گرہن جن ممالک میں نظر آئیگا۔ نارٹیکا اور امریکہ سے شروع ہوتا ہوا اٹلاس، جنوبی امریکہ، اٹلانٹیسکا سے ہوتا ہوا انٹارٹیکا پر ختم ہوگا۔

(نوٹ) یاد رکھیں یہ شمسی گرہن برج دلو کے 27.15 درجہ پر ہو رہا ہے۔ یہ گرہن برج جدی، دلو، حوت، اسد، میزان سے متعلقہ بروج کے افراد کو متاثر کریگا لہذا گرہن کی نحوست سے بچنے کیلئے دو رکعت نماز نفل برائے دفع نحوست گرہن ادا کریں۔ گرہن سے قبل سوا پاؤ سوجی کالے تل اور شکر پاس رکھیں بوقت عروج گرہن یہ اشیاء حشرات الارض کو ڈال دیں۔

اس کے علاوہ پانچ قسم کے سیاہ اناج کالی مرچ، لونگ سورج مکھی کے بیج کالا زیرہ، سیاہ تل مٹھی بھر لے کر صدقہ کی نیت سے خالی جگہ پر پھینک دیں بوقت گرہن نیلا اور سیاہ رنگ کا لباس استعمال نہ کیا جائے بہتر ہے کہ گرہن سے ایک دن قبل اور ایک دن بعد یہ رنگ نہ استعمال کریں۔ گرہن کے نحس اثرات کی وجہ سے متذکرہ بالا بروج کے افراد اگر کسی بیماری میں مبتلا ہے تو یہ مرض طوالت اختیار کر جائیگا۔ اور اگر کسی پریشانی یا مصیبت میں پھنسے ہوئے ہیں تو اس کی شدت میں اضافہ ہو جائیگا ایسی صورت میں صدقہ اور نوافل وقت گرہن ادا کر کے ان مشکلات سے بچا جا سکتا ہے۔

حالت قمر

قمر در عقرب: 06 فروری 08:56 تا 08 فروری 18:53
ہبوط قمر: 06 فروری 00:41 تا 06 فروری 02:34
قمر در ثور: 21 فروری 00:11 تا 23 فروری 05:07
شرف قمر: 21 فروری 03:47 تا 05:34

فروری نکاح، شادی کی تاریخیں

2.3.8.9.14.15.16.17.22.23.24.27

سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس



طلسم قمر



طلسم عطارد



طلسم زہرہ



طلسم مریخ

طلسم مشتری

طلسم زحل

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف و اوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ حضرات

پشاور میں جعفر خان کو آئندہ اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات، مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

اسٹار نیوز ایجنسی جعفر خان پشاور 0345-9067247

اسرار غیبی

تحریر:۔ علامہ آغا سید محمد ابوالحسن موسوی مشہدی (اسلام آباد)

بندش کا توڑ

ہر قسم کی رکاوٹ اور بندش ہٹانے کے لئے یہ عمل بہت سہل ہے اور اس کا اثر تیز ہے۔ 5 لیٹر پانی میں عرق گلاب ملا کر 101 مرتبہ استغفار سورۃ فاتحہ 7 مرتبہ جمعہ کے دن ظہر کے وقت دم کر کے گھر میں چھڑکاؤ کریں بعد اس کو پی لیں انشاء اللہ بندش رفع ہو جائے گی۔

عمل سورۃ یسین

نماز فجر کے بعد سورۃ یٰسین 4 مرتبہ تلاوت کریں طریقہ یہ ہے کہ ابتداء میں لفظ یٰسین 7 مرتبہ تکرار کریں پھر جب آیت ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ اس کو 70 مرتبہ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيمُ اسی طرح اس کو 71 دفعہ بعد میں سورۃ فاتحہ پھر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ 11 مرتبہ پھر دعا کریں۔ سات دن کے اندر حاجت پوری ہوگی۔

تسخیر مطلوب کیلئے مندجہ ذیل عبرانی اسماء کو بکری کی کھال کے ٹکڑے پر لکھیں۔ ایک عدد جلا دیں، دوسرا درخت کے ساتھ باندھ دیں، تیسرا پانی میں بہا دیں۔

ایوش ایوش العمر فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

سورۃ مبارکہ یٰسین شریف قلب قرآن ہے۔ جس طرح قلب کے بغیر حیات نہیں اسی طرح سورۃ مبارکہ یٰسین شریف مقام قلب ہے۔ تمام عملیات کی روح دراصل سورۃ یٰسین شریف ہے۔ اس کے عمل کبھی بھی خطا نہیں ہوتے۔ عملیات سورۃ مبارکہ یٰسین شریف نور علی نور ہیں۔ یہ عمل جو ہم پیش کر رہے ہیں بہت زیادہ مؤثر اور مفید ہے۔ اس کا بہت مرتبہ تجربہ ہو چکا ہے۔ خود ہماری والدہ محترمہ اعلیٰ مقامہا نور اللہ مرقدہا نے اس عمل کو کئی بار کیا اور ہمیشہ فیض یاب ہوئیں۔ وہ قرآن مجید کا نسخہ جس سے مرحومہ تلاوت فرماتی تھیں۔ اس پر یہ عمل لکھا ہوا ہے اور ساتھ کچھ ادوار کی تاریخ بھی درج ہے کہ فلاں وقت اس کام کے یہ عمل کیا اور فلاں موقع پر یہ عمل کیا۔ عمل یہ ہے واضح ہو کہ جو نون درمیان میں یا اول میں آتا ہے وہ پورا نہیں لکھا جاتا۔ یٰسین جو آخر میں آتا ہے وہ پورا لکھا جاتا ہے۔ مثلاً ان اور تعلمون میں سورۃ مبارکہ یٰسین شریف میں جس قدر ایسے نون ہیں جو کامل لکھے جاتے ہیں ان ہی سے ہمارا مقصد غرض ہے اور وہ ہی نون عمل میں داخل ہیں۔ دن رات میں جو وقت فرصت اور اطمینان کا ہو وہ مقرر کریں اور باوضو بصدق تمام قبلہ رخ ہو کر تین مرتبہ سورۃ مبارکہ یٰسین شریف معہ بسم اللہ شریف پڑھیں اور جو نون کامل آئے اس پر ٹھہر کر اور دس مرتبہ پڑھیں یا اللہ اس طرح جس قدر نون کامل ملیں سب پر ٹھہر کر دس مرتبہ یا اللہ پڑھ کر پھر آگے پڑھیں۔ بسم اللہ الرحمٰن کا نون بھی شامل کریں۔ اسی طرح روزانہ تین مرتبہ پڑھیں۔ آپ صرف اکیس دن اس عمل کو کریں جو مقصد آپ کا ہوگا بحکم خدا اس کے پورا ہونے میں تو کلام ہی نہیں علاوہ اس مقصد کے پورا ہونے کے آپ کو از سر تا پا نور حقیقت احاطہ کر لے گا۔ نہ صرف آپ کا قلب منور ہوگا بلکہ جسم کے ہر حصہ سے نور کی شعاعیں پھیلنے لگیں گی۔ ہر شخص پر آپ کا وقار قائم ہوگا اس کے عامل کی ہیبت بادشاہ سے زیادہ ہو جائے گی۔ آپ اکیس یوم پڑھیں بعد ازاں آپ کا اپنا دل ہی نہ چاہے گا کہ اسے نہ پڑھوں۔ اس قدر شوق غالب ہوگا کہ آپ کی زندگی بھر اس کو نہ چھوڑیں گے۔ اگر کسی وجہ سے اکیس یوم تک کوئی خاص بات معلوم نہ ہو تو پھر ترک کر دیں اور سمجھ لیں کہ تلاوت کرنے میں کوئی غلطی ہوئی ہے۔ لہٰذا دوبارہ تین دن کے بعد پھر شروع کریں۔ ہمارا اپنا تجربہ یہ ہے کہ عمل کبھی بھی خطا نہیں ہوتا۔ عمل کرنے والے سے خطاء ہو سکتی ہے۔

حصول مراد و وصل مطلوب

مطلوب فوراً رابطہ کرے گا کسی وقت بھی یہ عمل کیا جا سکتا ہے لیکن نصف شب کو زیادہ تاثیر رکھتا ہے۔

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ سورۃ والضحیٰ 70 مرتبہ یا حمیشا یا شھیا یا شھیثا 300 مرتبہ یامصور 336 مرتبہ اللھم سلط صورتی و ھیتی علی فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں یتصل فی ھذا الساعت

وسعت رزق

سورۃ الواقعہ 3 مرتبہ سفید کاغذ پر لکھیں اس کے چاروں طرف یا خیر الرازقین ارزقنا لاحول ولا قوۃ الا باللہ اس ورق کے دائیں بائیں اس کے اوپر اور نیچے لکھیں۔ اس کو برتن یا پلیٹ میں رکھیں اس کو گھر کے درمیانی حصہ میں اس کو کسی پوشیدہ جگہ رکھیں کہ کوئی نہ دیکھے اور نماز فجر کے بعد اور ہر نماز کے بعد ترزق من تشاء بغیر حساب ارزقنا خیر الرازقین کم از کم 100 مرتبہ 7 دن بلاناغہ کریں اور اس کو مکمل مخفی رکھیں۔

تسخیر محبوب

جذب محبوب، تصور محبوب کر کے ۳۶۰ مرتبہ قل ہو اللہ بترکیب ذیل معہ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ عروج ماہ میں بشرطیکہ قمر در عقرب نہ ہو اتوار پیر یا بدھ یا جمعرات کو شروع کرے ایک ہفتہ بلا ناغہ علیحدہ مکان میں لوبان وغیرہ سلگا کر کپڑے صاف و معطر پہن کر پڑھے تصور مطلوب پڑھتے وقت ضرور رکھے۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ، قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ" بحرمت جرائیل اَللّٰہُ الصَّمَدُ بحرمت اسرافیلؑ لَمْ یَلِدْ بحرمت میکائیلؑ وَلَمْ یُوْلَدْ بحرمت عزرائیلؑ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ" بحرمت دردائیلؑ مہرائیل

حصول محبت

برائے محبت بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ۷۸۶ مرتبہ کوزہ آب پر دم کر کے جس کو پلاوے فریفتہ ہو اگر سو مرتبہ روزانہ تین دن کسی مریض کو پڑھ کر دم کرے شفائے کامل۔ اگر بوقت طلوع آفتاب پانی پر ۷۸۶ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلائے تو ذہن میں ترقی ہو۔ جمعرات کو روزہ رکھے شام کو چھوہارہ یا کشمش سے افطار کرے بعد نماز مغرب ۱۲۱ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے پھر عشا کے بعد پڑھتا پڑھتا سو رہے صبح کو ۷۸۶ مرتبہ پڑھے پھر اس طرح لکھ کر پاس رکھے تسخیر حکام فتوحات حفظ بلیات وغیرہ کے واسطے مجرب ہے۔ اول و آخر درود شریف ضرور پڑھنا چاہیے۔

ب س م ا ل ل ا ا ل ر ح م ا ن ا ل ر ح ی م

لوح مزمل خاص

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کا ورد کرے گا اس کی مصیبت کو دور کر دیا جائے گا۔
حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اس کی غربت اور مفلسی کو دور کرے گا، جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوگی۔
حضرت علی کرم اللہ وجہہ! 170 لڑائیوں میں فتح اسی سورۃ مبارکہ کی بدولت حاصل کی۔ اس سورۃ کی بدولت آپ کرم اللہ وجہہ نے خیبر کے دروازے کو اکھاڑ پھینکا۔
حضرت بصریؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ جو کوئی سورۃ مزمل پڑھنے پر ہدایت رکھتا ہو اسے جس قدر حاسد ظالم، جادوگر اور بدخواہ نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے سب مغلوب ہو جائیں گے۔
اس لوح کی برکت سے امراض سے نجات، مصیبت، پریشانی سے چھٹکارا، غربت و افلاس کا خاتمہ، مشکلات میں آسانی، دشمنوں پر غلبہ، حاسد ظلم، جادوگروں، خطرناک حملوں سے بچا رہے گا۔ اس کے علاوہ بے شمار فضائل و برکات اس سورۃ مبارکہ کی ہیں۔ لوح مزمل خاص کی برکت سے درج بالا تمام فیض آپ فوری طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔
تمام الواح ماہر روحانیات وقت، خاص ورد کے بعد تیار فرماتے ہیں۔

ھدیہ / لوح 4200 روپے

بلڈ پریشر کا خاتمہ

بلڈ پریشر کے خاتمہ کیلئے ادارہ روحانیات میں ایک خاص رنگ فنگر (چھلا) تیار کی گئی ہے۔ جس کے استعمال سے بلڈ پریشر فوری ختم ہو جاتا ہے اور تاحیات یہ مرض دوبارہ نہیں پیدا ہوتا۔

ھدیہ 500 روپے

حروف صوامت کی بندش ورجعت کا توڑ

تحریو:۔منظور علی سموں (ٹنڈو محمد خان)

پیارے دوستوں اپنی کتاب ''اسرار حروف صوامت'' سے کچھ خاص مضامین سورج گرہن کے موقع پر ارسال کر رہا ہوں کتاب حروف صوامت جس قدر محنت اور لگن سے تیار کی ہے جن دوستوں نے بھی اس کتاب کا مطالعہ کیا اور حوصلہ افزائی کیلئے مجھ سے رابطہ کیا ان تمام دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

نماز گرہن

ہر سال سورج و چاند کو گرہن لگتے رہتے ہیں۔سال میں تقریباً دو سے لیکر سات تک گرہن لگتے ہیں چونکہ گرہن کا وقت نحس ہوتا ہے۔جب بھی گرہن کا وقت آئے تو کم سے کم دو رکعت نماز کسوف خسوف کے نیت سے پڑھیں۔اس نماز کے پڑھنے سے ہر قسم کے خطرات سے حفاظت میں رہینگے۔جب تک گرہن موجود ہو تب تک عبادت الٰہی میں مشغول رہیں اور خطرات ظاہری و باطنی کو ٹالنے کی دعائیں مانگتے رہیں۔گرہن کے متعلق دوسرے لوگوں کو بھی ضرور آگاہ کریں تاکہ وہ بھی اپنے لئے اور سب کیلئے دعائے مغفرت مانگ سکیں اور آنے والے تمام خطرات سے محفوظ ہو جائیں۔اوقات گرہن کو معلوم کرنے کیلئے سالانہ مزمل روحانی جنتری اور جعفریہ جنتری کا مطالعہ کریں۔ان جنتریوں میں گرہن کے اوقات ہر سال مکمل تفصیل سے درج ہوتے ہیں۔

وضاحت گرہن

عربی زبان میں سورج گرہن کو کسوف اور چاند گرہن کو خسوف کہتے ہیں۔گرہن کیسے اور کیوں لگتا ہے؟ تفصیل نیچے درج کر رہا ہوں۔

سورج گرہن :۔جب چاند زمین اور شمس کے درمیان حائل ہو جاتا ہے تو سورج کی روشنی زمین پر نہیں پہنچ پاتی بلکہ قمر سے ٹکرا کر منعکس ہو جاتی ہے۔تو اس حالت کو شمسی گرہن یا سورج گرہن کہا جاتا ہے۔گرہن دو قسم کے ہوتے ہیں۔

(مکمل جزوی) ایک سال میں پانچ گرہن لگ سکتے ہیں جب شمس و قمر ایک ہی برج ایک ہی درج دقیقے پہنچ جائیں تو اس حالت کو شمس و قمر قران کہتے ہیں۔ہر ماہ شمس و قمر میں نظر قران کو سورج گرہن نہیں کہا جائیگا۔سورج گرہن کے اثرات مردوں پر زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں۔

چاند گرہن :۔جب زمین گردش کرتی ہوئی شمس قمر کے درمیان آجاتی ہے تو شمس کی روشنی چاند تک نہیں پہنچ پاتی بلکہ زمین سے ٹکرا کر منعکس ہو جاتی ہے تو اس حالت کو قمری یا چاند گرہن کہا جاتا ہے۔چاند کو گرہن مکمل یا جزوی لگ سکتا ہے۔جب قمر و شمس میں ۱۸۰ درجات کا فاصلہ ہو تو اس حالت کو قمر و شمس کا مقابلہ یا چاند گرہن کہا جائیگا چاند گرہن کے اثرات عورتوں پر زیادہ اثر انداز ہوتے ہیں۔

وضاحت :۔جب سورج گرہن لگے تو اس وقت آپ اپنی نگاہیں محفوظ رکھیں اور سورج کی جانب قطعی نہ دیکھیں۔ورنہ آنکھوں کی نظر ختم ہو جائیگی۔اگر دیکھنے کا شوق ہو تو ویلڈنگ کے شیشے کی مدد سے دیکھ سکتے ہیں اور جہاں تک بھی ممکن ہو سکے تو گرہن کے وقت اپنے مکمل جسم کو گرہن کی نحس شعاعیں سے محفوظ رکھیں خدانخواستہ گرہن کی نحس شعاعیں آپ کے کسی جسم کے حصے پر پڑیں تو آپ جلد کی بیماری میں مبتلا ہو جائیں گے۔گرہن کے وقت کھانا پینا ناچ گانے بجانے یا خوشی کی کوئی بھی محفل نہ منعقد کریں۔ہنسی مذاق اور غلط قسم کی باتیں وغیرہ نہ کریں۔ورنہ گنہگار ہو جائیں گے۔

گرہن :۔جس تاریخ ماہ سال جس برج میں جو گرہن لگے گا وہ ٹھیک ۱۸ کے بعد آئندہ اسی برج میں پھر گرہن لگے گا۔آئندہ گرہن کے اوقات معلوم کرنے کیلئے ایک فارمولا اس کتاب میں درج ہے۔

حروف صوامت عملیات کو بہت پسند کیا جاتا ہے۔عملیات کی دنیا میں حروف صوامت سے کافی حد تک کام لیا جاتا ہے۔یہ حروف جتنا جلدی اپنا اثر دکھاتیں ہیں اور اتنا ہی جلد عامل کو رجعت میں بھی جکڑ لیتے ہیں۔سب کو معلوم ہے کہ حروف صوامت کی رجعت بہت ہی زیادہ خطرناک ہوتی ہے۔بہت سارے لوگ جلد بازی میں حروف صوامت کے عملیاتی سلسلے میں قوائد و ہدایات کو مدنظر نہیں رکھتے۔اور بعض اوقات عامل سے غلطی بھی ہو جاتی ہے۔جس کی وجہ سے عامل فوراً ہی حروف رجعت میں قابو ہو جاتے ہیں۔حروف صوامت کے متعلق کافی عملیات اور کتابیں آپ لوگوں نے پڑھی ہی ہوں گی۔لیکن حروف صوامت کی رجعت و بندش کو ختم کرنے کا کوئی مجرب عمل میرے اس عمل سے پہلے آپ نے نہیں پڑھا ہوگا۔

نیازی بک ڈپو، ریل بازار گوجرانوالہ 0300-7792699 ادارہ روحانیات

یقیناً حروف صوامت کی رجعت و بندش کے توڑ کے عملیات کی تلاش آپ کو برسوں سے ہوگی۔

حروف صوامت کی رجعت و بندش کے نحس اثرات کو کس طرح ختم کیا جائے گا۔ پہلے کبھی کسی نے نہیں دیکھا کہ بندش کو کس طرح کھولا جائے گا۔

رجعت کیا ہوتی ہے اور رجعت کے مثبت یا منفی اثرات کیا ظاہر ہوتے ہیں۔ یہ وضاحت بھی میں ہی کر دیتا ہوں۔

''رجعت کے لفظی معنیٰ'' واپسی' لوٹنا' پلٹنا کو ظاہر کرتی ہے۔

رجعت کے اثرات:۔ دماغی صلاحیت میں کمی کا ہو جانا بے ہوش ہو جانا یا ہوش کی حالت میں الٹی سیدھی باتیں کرنا۔ دماغ پر دباؤ رہنا نظر کی کمزوری بہرا پن جیسی حالت ہر کام میں رکاوٹیں' درپیش آنا مال و دولت میں نقصان کاہلی سستی کا ہونا اعضائے جسمانی کا مفلوج ہونا خوشی کو کم غم زیادہ وغیرہ۔

رجعت کیوں ہوتی ہے؟

☆ کسی پر مرشد یا صاحب عمل کی جازت کے بغیر عمل کرنا یا پڑھنا۔

☆ قرآن مجید کی سورۃ یا آیۃ کو معکوس کر کے تباہی دشمن کے لئے نا جائز استعمال کرنا۔

☆ اعمال جفری میں کسی غلطی کا رہ جانا یا موکلات کا غلط بن جانا۔

☆ اعمال علوی یا سفلی میں الفاظ کو غلط یا بے ترتیب پڑھنا۔

☆ کسی عمل کو اپنی مقرر مدت سے پہلے ہی اُدھورا چھوڑنا۔

☆ رجال الغیب کو مدنظر نہ رکھنا۔

☆ حصار کو بھول جانا یعنی حصار نہ کرنا۔

☆ سعد نحس اوقات کو صحیح طور پر نہ سمجھنا۔

اس کے علاوہ اور بھی بہت سارے شرائط ہوتے ہیں جن کو مکمل نہ کرنے کی وجہ سے رجعت واقع ہو جاتی ہے۔

مخفی راز:۔ سورۃ اخلاص حروف صوامت کی رجعت و بندش کے نحس اثرات کو ختم کرنے میں بڑی ہی پر تاثیر ہے۔ سورۃ اخلاص و حروف صوامت میں بہترین راز مخفی ہیں۔ جس کو عاملین لوگ اپنے سینے میں چھپائے رکھتے ہیں۔ وہ راز یہ ہیں۔

رازنمبر 1:۔ سورۃ اخلاص کے لفظ اخلاص سے مراد مخلص' خالص۔ بے آزاد ہونا نجات پانا خلاصی پانا امن و سکون میں رہنا۔

رازنمبر 2:۔ سورۃ اخلاص میں خالص حروف ۱۳ ہیں اور حرف صوامت بھی ۱۳ ہیں۔

رازنمبر 3:۔ سورۃ اخلاص کے خالص حروف اعداد قمری ۴۴۴ ہیں جمع کریں تو ۱۲ بنتے ہیں۔ اور حروف صوامت کے اعداد قمری ۵۴۳ ہیں۔ جمع کریں تو بھی ۱۲ بنتے ہیں۔

رازنمبر 4:۔ سورۃ اخلاص کے ٹوٹل اعداد ۱۰۰۲ ہیں جس کا مفرد ۳ بنتا ہے۔

رازنمبر 5:۔ سورۃ اخلاص کے خالص حروف کے اعداد قمری ۴۴۴ ہیں جمع کریں تو مفرد ۳ بنتا ہے۔

رازنمبر 6:۔ حروف صوامت کے اعداد قمری ۵۴۳ ہیں جمع کریں تو بھی مفرد عدد ۳ بنتا ہے۔

رازنمبر 7:۔ سورۃ اخلاص کے حروف ۴۷ نقطے ۱۰ جمع ۵۷ ہوئے مفرد عدد ۳ بنتا ہے۔

رازنمبر 8:۔ حروف صوامت کی ترتیب شمسی کا پہلا جملہ احد ہے۔ جس کے اعداد ۱۳ ہیں اور راسم الٰہی احد کے اعداد بھی ۱۳ ہیں۔

رازنمبر 9:۔ سورۃ اخلاص میں ۴ آیۃ ہیں ہر آیۃ کے آخر میں دہے حروف ابجد قمری میں چوتھے نمبر پر ہے۔ حروف د کے اعداد قمری بھی ۴ ہیں۔

طریقہ زکات:۔ سورۃ اخلاص کے ۱۳ حروف خالص کو روزانہ ۴۴۴ دفعہ لکھنا ہے۔ ۱۳ حروف ایک سطر میں لکھیں۔ ایسی ۴۴۴ سطور روزانہ لکھنی ہیں۔ ہر سطر کو الگ الگ کاٹ کر فی سطر کو گندم کے آٹے میں لپیٹ کر گولیاں بنائیں۔ ہر گولی پر ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر دم کریں بعد میں وہ گولیاں چلتے دریا نہر وغیرہ میں ڈال آئیں تاکہ مچھلیاں کھالیں۔ لکھتے وقت یا دریا نہر پر جاتے اور آتے وقت قطعی کسی سے بات نہ کریں۔ ورنہ عمل باطل ہو جائے گا۔ لکھے ہوئے کاغذ کی گولیاں روزانہ ہی آب کے حوالے کرنی ہیں۔ جمع نہ کریں یہ کام بعد نماز عشاء سے لیکر فجر نماز سے پہلے ہی مکمل کرنا ہے اور اسی ہی وقت پانی میں ڈال آئیں۔ روزانہ کا وقت ایک ہی مقرر کر لیں۔ یہ عمل ۱۳ دنوں تک کرنا ہے۔ ۱۳ دن کے بعد آپ سورۃ اخلاص کے ۱۳ حروف خالص کے عامل بن جائیں گے۔ اب ان حروف کی برکت و طاقت سے حروف صوامت کی بندش اور خطرناک رجعت کا توڑ کر سکتے ہیں۔

(نماز پانچ وقت لازمی پڑھیں)

روزانہ لکھنے والے حروف یہ ہیں:۔ ق۔ ل۔ ھ۔ و۔ ا۔ ح۔ د۔ ص۔ م۔ ی۔ ك۔ ن۔ ف

طریقہ استعمال:۔ مندرجہ ذیل نقش کو سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر بارش کے پانی میں گھول کر نہالیں۔ اور کچھ پانی کو پی لیں۔ تو انشاء اللہ حروف صوامت کی ہر قسم بندش و رجعت سے ہمیشہ آزاد ہو جائیں گے۔

2018 کے اسمآ ے اعظم

دوستی شراکت اور ازدواجی زندگی اور مقبولیت کا عدد دو(2)

تحریر
حکیم حافظ عتیق الرحمن ضیاء
(کراچی)

محترم قارئین السلام علیکم :۔حسب وعدہ آپ حضرات کے لیے ایک خاص مضمون پیش خدمت ہے گزشتہ سال نو چندے شرف قمر کے بارے میں ہم نے تفصیلی مضمون پیش کیے تھے لہذا اس سال نو چندہ شرف قمر ماہ رواں میں (21) فروری کو ہوگا۔آپ حضرات جانتے ہیں کہ قمر کا منسوبی عدد ۲ ہے اور سال نو کا مفرد عدد بھی ۲ ہے۔یہ عدد جفت یعنی زوج ہے۔اس کے نمودار ہوتے ہی دوستی ،ازدواجی زندگی یا کسی قسم کے اشتراک کا تصور ذہن میں ابھرتا ہے دل و دماغ پر میل وملاقات یا جذبہ وصال کے جذبات چھا جاتے ہیں۔یعنی جو شخص اس عدد کے زیر اثر ہوگا وہ ان صفات سے خالی نہ ہوگا۔یہ عدد مونث ہے۔جنس مخالف کو اپنی جانب متوجہ کرنے کی خاصیت رکھتا ہے۔اسی لیے عملیات ونقوش محبت اور دوسروں کو اپنی جانب راغب و متوجہ کرنے کے لیے عاملین اسے استعمال کرتے ہیں۔مشہور ہے کہ بیس(20) کا نقش تسخیر کے اعمال میں اکسیر کا درجہ رکھتا ہے اور اس کا حامل خلقت کے دلوں پر حکمرانی کرتا ہے مرکب عدد 20 درحقیقت دو کا ہی عدد ہے۔لہذا اس سال نو میں عدد ۲ کی حکمرانی رہے گی درج کیے گئے تمام اسم پاک کا مفرد عدد دو بنتا ہے اس پورا سال آپ ان اسمآئے پاک کا ورد اپنے مختلف مسائل کے لیے کر سکتے ہیں۔خاص کر وہ خواتین و حضرات جن کے نام کا مفرد عدد ۲ یا تاریخ پیدائش کا عدد ۲ بنتا ہے ۔ایسے افراد کے لیے یہ اسمآئے (اسم اعظم) کا درجہ رکھتے ہیں عدد دو کے حامل خواتین وحضرات اپنی زندگی میں کسی قسم کی سختی سے گزر رہے ہوں ۔حالات پریشان کن ہوں ہر کام میں رکاوٹ ہوں یا جسمانی وروحانی بیماری معاشی مسئلہ ،رشتوں میں رکاوٹ ۔غرض کہ کوئی بھی مسائل موجود ہوں تو مندرجہ ذیل اسمائے پاک کے کل اعداد کا نقش اپنے نام کے پہلے حرف کے عنصر کے مطابق بنا کر پہن لیں اور اسمائے پاک میں سے کسی بھی ایک اسم کا ورد اپنے مقصد کے مطابق پڑھنا شروع کر دیں انشاء اللہ بہت جلد حالات میں بہتری آنے لگے گی واضح رہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہر نام کا مفرد عدد اور کل ناموں کا مفرد عدد اور نقش کا عدد تمام حاصل مفرد دو عدد ہی بنتا ہے۔اسمائے پاک اور نام کے پہلے حرف کا عنصر معلوم کرنے کے لئے جدول دیا جا رہا ہے اور اسی طرح آتشی ،بادی ،آبی اور خاکی چاروں چالوں کے نقوش بمع چال قارئین کی آسانی کے لئے حاضر خدمت ہیں۔

نمبر شمار	اسماء الحسنیٰ	اعداد	خواص اسماء
1	رَزَّاق	۳۰۸	برائے وسعت رزق
2	خَبِیْرُ	۸۱۲	برائے اسرار پوشیدہ
3	وَاسِعُ	۱۳۷	برائے فتوحات کلی
4	وَدُوْدُ	۲۰	برائے الفت ومحبت
5	عَلِیُّ	۱۱۰	برائے اعلیٰ مرتبہ وعزت
6	مُبْدِئُ	۵۲	تمام امور وحصول اولاد
7	وَالِیُّ	۴۷	تحفظ مکان وجائیداد
8	مُتَعَالِیُ	۵۵۱	علم مرتبہ وتحفظ شیاطین
9	مُنْعِمُ	۲۰۰	حصول نعمت
10	هَادِیُ	۲۰	برائے حصول حکمت
کل تعداد ۲۲۶۱ مفرد عدد(2)			

جدول :۔ حرفی تقسیم بمطابق عناصر اربع

آتشی حروف	ا۔ہ۔ط۔م۔ف۔ش۔ذ
بادی حروف	ب۔پ۔و۔ع۔ن۔ص۔ت۔ث۔ض
آبی حروف	ج۔چ۔ز۔ک۔س۔ق۔ث۔ظ
خاکی حروف	د۔ڈ۔ح۔ل۔ع۔ر۔ڑ۔خ۔غ

عزیز ان من !اپنے نام کے اعداد نکالنے کیلئے مزمل روحانی وجعفریہ جنتری کا مطالعہ کریں نام کے اعداد نکالنے کا طریقہ موجود ہے وہاں سے دیکھ لیں۔چاروں چالیں نقش کی درج کر دی گئی ہیں ایک سے لے کر نو تک جو عدد درج ہیں وہ نقش کی چال کو ظاہر کرتے ہیں اصل نقش بناتے وقت وہ نہ لکھیں۔نقش بنانے کیلئے بہتر وقت شرف قمر ہے جو کہ ہر ماہ آتا ہے اور اگر

عروج ماہ کا شرف قمر ہو تو زیادہ بہتر ہے اس کے علاوہ قمر جب اپنے برج سرطان میں موجود ہو تب اور قمر کی دوسرے سیاروں کے ساتھ سعد نظرات میں بھی نقش بنا سکتے ہیں قمر کے سعد نظرات کا لازمی خیال رکھیں۔ ان اوقات کے علاوہ عام خواتین وحضرات نوچندے پیر کی پہلی ساعات قمر میں نقش بنالیں کسی وجہ سے نہ بنا سکیں تو مجھ سے یا ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے بنوا کر فیوض وبرکات حاصل کریں۔

عزیزان من! اس ماہ جزوی سورج گرہن بھی ہوگا جو کہ 15 فروری 23:55 پر شروع ہوگا اور اختتام 16 فروری صبح صادق 3:47 پر ہوگا مگر نصف شب ہونے کی وجہ سے پاکستان میں نہیں دیکھا جا سکے گا۔ چاند یا سورج گرہن کا وقت مخصوص اثرات کا حامل ہوتا ہے۔ عموماً اس وقت میں حساسیت اور روحانیت اپنے عروج پر ہوتی ہے لہذا چند اعمال وقت کے لحاظ سے شائع کر رہا ہوں بہتر ہے کہ ان اعمال کو عین گرہن کے درمیانی اوقات میں کیا جائے کیونکہ یہ وقت زیادہ موثر ہے حروف صوامت کی ذکات بھی اسی دوران دی جاتی ہے مگر وہ پھر کبھی ذکر کرونگا یہاں عام فہم اعمال خاص وعام کے لئے پیش خدمت ہیں۔ ہمارے معاشرے میں اکثر ازدواجی مسائل گھریلو ناچاقی، شوہر یا بیوی کے طرف سے بے رخی اور محبت میں کمی وغیرہ کے لئے ایک مجرب عمل دیا جارہا ہے جو کہ نہایت آسان عمل ہے۔ جس سے صرف شادی شدہ افراد ہی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

میاں بیوی میں محبت کیلئے خاص عمل

گرہن کے درمیانی وقت میں ایک سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے پوری بسم اللہ لکھ کر سورہ الم نشرح پوری لکھیں پھر یہ آیت لکھیں۔

والقیت علیك محبة فلاں بن فلاں (یہاں مطلوب کا نام مع والدہ لکھیں) **علیٰ محبة فلاں بنت فلاں** (یہاں طالب کا نام مع والدہ لکھیں) **کما الفت بین آدم وحوا و بین یوسف و زلیخا و بین موسیٰ و صفورا و بین محمدؐ و خدیجة الکبریٰ و اصلح بین هما اصلاحاً فیه ابداً**

اب تمام تحریر کے اردگرد حاشیہ (چاروں طرف لکیر) لگا کر کاغذ کو تہہ کر کے تعویز بنالیں اور موم جامہ کر کے بازو پر باندھ لیں یا پھر اپنے تکیے میں رکھ لیں۔

خیال رہے کہ مندرجہ بالا نقوش لکھتے ہوئے باوضو رہیں، پاک صاف کپڑے پہنیں، علیحدہ کمرے کا انتخاب کریں، لکھنے کے دوران مکمل خاموشی اختیار کریں اور اپنے مقصد کو ذہن میں واضح رکھیں کہ آپ کیا چاہتے ہیں، رجال الغیب کا خیال رکھیں۔

ناجائز و ناپسندیدہ تعلق کا خاتمہ

اکثر والدین اپنے بیٹے یا بیٹی کی ایسی محبت یا وابستگی سے پریشان رہتے ہیں جو ان کے نزدیک ناپسندیدہ ہوتی ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ ان کا لڑکا یا لڑکی ایک غلط راستے پر چل رہے ہیں۔

ایسی صورت میں طریقہ یہ ہے کہ گرہن کے وقت کسی علیحدہ کمرے میں باوضو بیٹھ کر مندرجہ ذیل سطور کسی سفید کاغذ پر کالی یا نیلی روشنائی سے لکھیں اور کاغذ کو تہہ کر کے تعویذ کی شکل بنالیں اور پھر اس کاغذ کو کسی بھاری وزنی چیز کے نیچے دبا دیں یا قبرستان میں دفن کر دیں، انشاء اللہ دونوں کے درمیان علیحدگی ہو جائے گی۔

"احد رسص طعك لموه لادیا یا غفور یا غفور بستم تعلق فلاں بن فلاں و بین فلاں بن فلاں عَقدَت قُلوبهم ابداً یا حراکیل بحق یا قابض یا مانع العجل العجل الساعة الساعة"

نوٹ : خیال رہے حروف صوامت کی اعمال اور دیے گئے چاند وسورج گرہن کے اعمال سے سوچ سمجھ کر فائدہ اٹھایا جائے۔ میاں بیوی کی محبت کا عمل کرنے سے پہلے یہ ضرور سوچ لیں کہ آیا ہم اپنے شرعی اور فطری حقوق کی ادائیگی کر رہے ہیں یا نہیں۔ اسی طرح ناجائز تعلقات کے عمل میں بھی غور وفکر سے کام لیں۔ اگر بچہ یا بچی حقیقی معنوں میں کسی کو پسند کرتے ہیں اور شادی کرنا چاہتے ہیں اور لڑکا یا لڑکی میں کسی قسم کی برائی بھی نہیں اور زائچوں کی میچنگ بھی اچھی ہے تو بلاوجہ والدین یا سرپرست اپنی انا کی خاطر ان اعمال سے گریز کریں۔ آئندہ ماہ کیلئے اجازت اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں ان شاء اللہ آئندہ ماہ نئے مضمون کے ساتھ حاضری ہوگی۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کرلیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

محترم دوستوں اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ہے کہ اُس نے ہمیں اپنے گنے چنے اُن بندوں میں شامل کرلیا ہے جو کہ دُکھی انسانیت کی خدمت اُس کے دیئے گئے کلام سے کرتے ہیں تحفہ روحانیات کے تمام لکھاری حضرات اللہ کی اس نعمت سے چنے گئے ہیں۔ میں بندہ فقیر بھی قرآن پاک کے ذریعے مخلوق خدا کی خدمت کرتا ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ باقاعدہ طور پر روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں اپنے اور بزرگوں کے مجربات روحانی ارسال کرتا ہوں کہ کسی بھی انسان کا ان سے بھلا ہو جائے کوشش کرتا ہوں کہ اللہ کے دیئے گئے علم کو اپنے ساتھ نہ لے کر جاؤں جس قدر ہو سکے میرا لمحہ لمحہ انسانیت کی بھلائی کیلئے صرف ہو اپنے دوستوں اور قارئین تحفہ روحانیات سے دعا کرتا ہوں کہ وہ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کیلئے بھی خصوصی دعا کریں کہ اللہ اُن کے درجات بلند فرمائے جن کی بدولت ہمارا رابطہ آپ سے رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ تحفہ روحانیات کے روحانی چراغ کو ہمیشہ روشن رکھے۔

ناراضگی ختم محبت پیدا ہو

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَسِیْلَہ

فلاں بن فلاں نوں زیر کردے جبرائیلہ

ترکیب عمل: ۔اس عمل کو روزانہ نوچندی جمعرات سے وِرد شروع کریں، علیحدہ جگہ وقت جو مرضی مقرر کریں لیکن روزانہ وہی ٹائم رہے ہر قسم کا گوشت منع ہے، اکتالیس دن نہیں کھانا، بدبو والی چیز سے پرہیز، جھوٹ بولنے سے پرہیز کرنا، عمل پڑھنے سے پہلے اگربتی چھ عدد روزانہ جلائیں، جسم پر خوشبو لگائیں اور ہر جمعرات ایک کلو مٹھائی پر ایک بار درود شریف گیارہ بار سورۂ اخلاص پڑھ کر تمام مومنین مومنات کو ایصال ثواب کریں پھر بچوں میں تقسیم کردیا کریں جو ابھی تک اپنے محبوب کو حاصل نہیں کر سکے وہ یہ عمل کسی بزرگ سے اجازت لے کر کریں تو ان شاءاللہ ناکام نہیں ہوں گے، کلمہ شریف کی عظمت سے کون نہیں واقف، اسی سے اسلام کی بنیاد ہے۔

تعداد عمل: اس عمل کو روزانہ گیارہ سو بار ورد کرنا ہے، جب تعداد پوری ہے پھر وہیں بیٹھ کر آدھا گھنٹہ اپنے مقصد کا تصور کرنا ہے، اس کے بعد کام کر سکتے ہیں، ہر کسی سے بات کر سکتے ہیں۔

دشمنی ختم محبت شروع

اَللّٰہُ الصَّمَدُ

ترکیب عمل: ۔اگر کوئی ناراض ہو گیا ہو اس کو منانا منظور ہو تو اِس عمل کو کریں بشرطیکہ جائز کام ہو مثلاً عورت مرد کی لڑائی دُور کرنا کسی دوست کو مسخر کرنا، اولاد کو مسخر کرنا عشاء کی نماز کے بعد وہیں بیٹھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھیں، پھر یہ آیت شریف چار ہزار بار وِرد کریں بعد میں اس کے گھر کی طرف پھونک ماریں اور دُعا کریں آخر میں دوبارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں یہ طریقہ چالیس رات کریں، تیسرے دن آدھا کلو گوشت ویران جگہ ڈال دیا کریں، یہ لازمی ہے ورنہ اثر نہیں ہوگا، محنت ضائع جائے گی، عمل کی قوت خود اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے، اس عمل میں پانچ وقت کی نماز لازمی ہے۔

مفرور واپس آئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْب

ترکیب عمل: ۔اس کلام کو بمعہ تسمیہ ہر بار دو ہزار بار صبح کی نماز کے بعد پڑھ کر تصور دشمن کر کے سینہ پر پھونک مار دیا کریں آخر میں دعا کریں، دو ماہ تک یہ عمل روزانہ وقت مقررہ پر پڑھیں بھاگا ہوا بے قرار ہو کر حاضر ہوگا اگر ضد کر کے نہیں آئے گا تو بیمار ہو کر چارپائی پر پڑا رہے گا، روزانہ عمل کے بعد کیڑے مکوڑوں کے بل پر شکر اور سوجی ملا کر ڈال دیا کریں یہ چیز لازمی ہے ورنہ عمل اثر نہ کرے گا پھر شکوہ عامل یا رسالہ پر نہ کریں، بڑا گوشت، چٹنی دہی والی، کچا لہسن، پیاز، چٹنی دوسری منع ہے، یہ پرہیز لازمی ہے۔ جب اپنے لئے دُعا کریں تو رسالہ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کی ترقی کی بھی دعا کریں جن کے ذریعے آپ کو گھر بیٹھے عمل مل رہے ہیں۔

ناراض مان جائے

عمل عبارت: ۔خواجہ اویس کرنی مدد میری آپ کرنی بھیجو شام سے پہلے خواجہ کا نور بھیجو موکل منگواؤ ضرور۔

طریقہ عمل: ۔اس عمل کو باوضو رات ہونے سے پہلے بارہ رکعت نفل دو دو کی نیت کر کے ادا کریں اِس کا ثواب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کے تمام مومنین مومنات کو پہنچائے، پھر گیارہ بار آیت الکرسی

پڑھ کر اپنا حصار کرلے اور اپنے گھر کا حصار کرلے پھر ایک سو بار درود شریف پڑھے پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک بار پڑھ کر ساتھ سو بار اُوپر والا عمل تصور اپنے مطلوب کا کر کے پڑھے، تعداد پوری ہونے پر دُعا کرے، اپنے مطلب کے لئے اور کسی سے بات کئے بغیر سو جائے، یہ طریقہ دو ماہ کرے، صبح اُٹھنے کے بعد نماز فجر کے بعد اپنے نزدیک قبرستان جا کر اہل قبور کو سلام کرنے کے بعد گیارہ بار سورۂ فاتحہ گیارہ بار سورۂ اخلاص پڑھے، پھر گیارہ بار درود شریف ابراہیمی پڑھے اور تمام اُمت محمدیہ کو اس کا ثواب پہنچا کر گھر آجا کر اپنا کام کر سکتا ہے جس دن صبح قبرستان نہ جا سکے اس دن 700 گرام (14 چھٹانک) برفی کسی مسلمان کے ہاتھ کی بنی ہوئی بچوں میں تقسیم کرے یہ کام لازمی ہے ورنہ عمل رجعت کرے گا، اِس لئے سب کچھ بتا دیا ہے جو لوگ شکایت کرتے ہیں، عمل پڑھا اثر نہیں ہوا وہ ہدایت پر عمل تو خود نہیں کرتے شکوہ دوسروں پر کرتے ہیں، اگر آپ کی کسی بزرگ یا عامل کامل سے راہنمائی لیتے ہیں تو ان سے اجازت لے کر پڑھ سکتے ہیں، بغیر اجازت عمل کرنے والا اپنے نقصان کے لئے تیار رہے۔

محبوب حاضر ہو

عبارت عمل: ۔ اللہ کا سچ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نور خواجہ کی تسبیح کل عالم حضور بھیجیں مؤکل فلاں بن فلاں محبت میں مبتلا ہو کر حاضر ہو ضرور۔

طریقہ عمل: ۔ اس عمل کو کرنے سے پہلے تین دن رات جلالی جمالی پرہیز شروع کر دیں، چوتھی رات جو جمعرات کی ہو سوا کلو مٹھائی پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نیاز اور بزرگان دین کی نیاز تصور کر کے ایک بار سورۂ فاتحہ اور گیارہ بار سورۂ اخلاص بیس بار درود شریف پڑھ کر ایصال ثواب کریں، پھر اپنا حصار کریں اپنے گھر کا حصار کریں، پھر اُوپر والی عبارت گیارہ تسبیح ورد کریں اور کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں، جاگنے کے بعد بات کر سکتے ہیں یہ طریقہ دو ماہ کریں۔ ان شاء اللہ اِس عمل کا نظارہ اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے۔ فلاں کی جگہ اپنے خاوند کا نام لیں یا جو مقصد جائز ہو نام لیں، ناجائز پر یہ عمل اثر نہیں کرے گا، ہر جمعرات کو نیاز دلا کر مٹھائی، بچوں، بڑوں میں تقسیم لازمی ہے ورنہ کامیابی نہیں ہوگی۔

دوست کھینچا چلا آئے

نوٹ) محترم دوستوں میری جانب سے یہ سب سے آخری منتر اپنے اُن غیر مسلم قارئین تحفہ روحانیات کیلئے ہے جو کہ اکثر اوقات دفتر مکتبہ روحانیات یا پھر مجھ سے بذریعہ خطوط اپنے روزمرہ پیش آنے والی مشکلات کا حل بذریعہ منتر مانگتے ہیں اس سے پہلے بھی میں چند منتر شائع کروا چکا ہوں اس بار محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے تسخیر محبوب کا منتر شائع کروا رہا تا کہ انہوں نے جو وعدہ غیر مسلم قارئین سے کیا ہے اُسے پورا کر سکیں کیونکہ تحفہ روحانیات پاکستان میں ہی نہیں بلکہ پوری دُنیا میں بہت شوق سے پڑھا جاتا ہے۔

عمل عبارت: ۔ **شیطان چَمَل باندھ میری شکل پر بن شیطان فلانی کو جالا میرے پاس ایسا جالا کہ آئے ہمارے پاس اگر نہ آئے لات چھاتی پر کھائے اگر یہ کام نہ کرے تو تیری ماں بھن پر تین طلاق**

طریقہ عمل: ۔ نوچندی جمعرات کو سونے سے پہلے پڑھے، اِس کی تعداد پانچ تسبیح ہے فلانی جہاں لکھا ہے وہاں اپنی بیوی کا نام لے عمل کے بعد اسی تصور میں سو جائے اکیس رات میں کام ہوگا جو منتر کے شوقین ہے، ان کے لئے یہ عمل زبردست ہے صبح اُٹھ کر مکوڑوں کے بل پر پاؤ سوجی پاؤ شکر ملا کر ڈال آیا کرے رجعت سے محفوظ رہے گا، کام ہونے پر ایک دیگ پلاؤ تقسیم کرے ورنہ نقصان اُٹھانے کیلئے تیار رہے، اگر ناجائز کیلئے یہ منتر پڑھے گا تو شیطان اِس عامل کو زندہ نہیں چھوڑے گا، جائز کام کیلئے یہ پڑھ سکتا ہے۔

تسبیح نگینہ اسم اعظم کی نگینہ کی مکمل تسبیح العلی

ہر شخص کا اسم اعظم خاص ہوتا ہے جو کہ وہ جاننا چاہتا ہے۔ اسم اعظم خاص کی برکت سے بیشمار مسائل حل ہوتے ہیں اگر کسی شخص کو اسم اعظم خاص معلوم ہو جائے تو وہ شخص انقلابی زندگی بسر کرتا ہے۔ اسی طرح ہر شخص کے مسائل اور مشکلات کے حل کیلئے اس کا لکی نگینہ یا پتھر ہوتا ہے جس کے پہننے سے مثبت اثرات زندگی میں پیدا ہوتے ہیں ہر طرح کے مسائل اور حادثات پریشانیوں سے انسان محفوظ رہتا ہے نگینہ اور پتھر کا استعمال انبیاء کرام اور اہل بیت اطہار سے ہوتا آیا ہے۔ اگر کوئی شخص اپنا اسم اعظم لکی نگینہ کی تسبیح پر ورد کرے تو تصور کریں کہ اس سے زیادہ خوشحال اور کامیاب شخص دنیا میں کوئی اور ہو سکتا ہے۔ تسبیح لکی نگینہ و اسم اعظم کی برکات سے ہر وہ خوشی جواب تک خواہش رہی ہو فوری مل جاتی ہے۔ اپنی تسبیح لکی نگینہ و اسم اعظم خاص ورد کے ساتھ منگوانے کیلئے ادارہ سے فوری رابطہ کریں یا ہدیہ منی آرڈر کریں۔

ہدیہ تسبیح لکی نگینہ و اسم اعظم 7200 روپے

محترم دوستو! کسی بھی فنکار کیلئے داد آکسیجن کا کام دیتی ہے لیکن ہم فنکار لوگ نہیں ہیں بلکہ قلمکار ہیں اور وہ بھی روحانی۔ تحفہ روحانیات میرا اور دوستو کا پسندیدہ رسالہ ہے۔ روحانی ماہنامہ دن بہ دن ترقی کے منازل طے کر رہا ہے اللہ تعالیٰ مزید ترقی عطا فرمائے۔ میری کوشش ہوتی ہے کہ آسان ترین اور مجرب روحانی اعمال آپ لوگوں کی خدمت میں پیش کروں اس جذبہ خدمت کو سامنے رکھتے ہوئے اس ماہ کی محفل میں نایاب ترین مندرہ کے ساتھ پیش ہوا ہوں۔ ان شاءاللہ قارئین تحفہ روحانیات کو پسند آئینگے۔

یہ خاص مندرہ غوثیہ ایسے افراد کیلئے ہے جو کسی نہ کسی مصیبت میں آئے روز پھنسے رہتے ہوں یعنی اگر شادی نہیں ہوتی تو اس کی بندش اس خاص مندرہ کی مدد سے ختم ہو جاتی ہے یعنی اولاد کا نکاح شریف خاندان میں ہو جاتا ہے۔ روزگار نہیں تو اس کی برکت سے روزگار مل جاتا ہے اور اگر روزگار میں برکت نہیں تو برکت ہو جاتی ہے شادی ہوگئی اور میاں بیوی میں محبت نہیں تو محبت پیدا ہو جاتی ہے۔

یہ مندرہ ایسی فریاد ہے کہ جسکا بیڑا غرق ہونے والا ہو اُسکا بیڑہ تر جاتا ہے جو ڈوبتا ہو وہ پانی پر چلنا شروع ہو جاتا ہے دشمنوں میں گھرا ہوا شخص دشمنوں کا محبوب ترین شخص بن جاتا ہے۔ بیمار کو اس مندرہ کی مدد سے صحت ملتی ہے۔ مشکلوں اور پریشانیوں میں پھنسا ہوا شخص باآسانی مشکلات سے نجات پا جاتا ہے۔ عزت دولت اور شہرت اس مندرہ کی برکت سے ملتی ہے۔ یوں کہہ لیں کہ ہر مسئلہ کا حل اس مندرہ میں پوشیدہ ہے ایسے افراد جو کہ مقدمہ بازی میں پھنسے ہوں تو وہ بھی اس سے نجات پا جاتے ہیں۔

ذیل کے مندرہ کی تعداد 313 بار اول آخر درود شریف 11 بار نوچندی جمعرات کو شروع کیا جائے کامل یکسوئی کے ساتھ 11 روز تک اس وظیفہ کو ورد کریں۔ قبلہ رُخ بیٹھ کر باادب طریقہ سے سرنگوں کر کے بیٹھیں بارگاہ الٰہی میں اپنے مقصد کو اور حاجت 11 بار دہرائیں۔ جیسا کہ حصول رزق اور فراخی رزق کی دعا اس طرح کریں گے۔

مثلاً:۔ ”اے رب العزت میں تیری بارگاہ میں دعا کرتا ہوں مجھے رزق حلال عطا فرما میرے رزق میں برکت عطا فرما دے بیشک موجودہ پریشانی میری اپنی بداعمالیوں اور کوتاہیوں کا نتیجہ ہے مجھے معاف فرما“

اسکے بعد درود شریف 11 بار پڑھیں اب 313 بار مندرہ پڑھنا شروع کر دیں پڑھتے وقت اپنی توجہ اور دھیان مقصد کی جانب رکھیں آنکھیں بند ہوں تصور میں یوں ہو کہ جیسے آپ دربار غوث اعظم میں موجود ہیں اور اپنی حاجت بارگاہ الٰہی میں بذریعہ غوث اعظم اور بذریعہ نبی رحمت پیش کر رہے ہیں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ مقصد پورا ہوگا اسی طرح دیگر حاجت روائی کیلئے بھی اپنے مقصد کے مطابق 11 بار دعا پڑھ کر اس مندرہ کو ورد کیا جا سکتا ہے۔ مدت عمل 11 یوم ہے جسکا ذکر پہلے بھی کیا جا چکا ہے۔

اپنے نیک اعمال کی کمزوری اور مندرہ سے متعلق بنیادی قواعد وضوابط سے لاعلمی کی وجہ سے اگر ناکامی ہوئی ہے تو یقیناً کہیں پر کوئی کمزوری آ رہی ہے۔ اپنے معمولات پر توجہ دیں دھوکہ دہی جھوٹ فریب سے بچیں رزق حلال پر توجہ دیں عبادت گزاری میں زیادہ وقت رہیں نماز شرط اول ہے۔ کوشش کریں کہ باجماعت نماز پنجگانہ ادا کریں کم کھائیں زبان کو فحش گفتگو سے دور رکھیں۔ آج کل کے دور میں الیکٹرانک میڈیا ترقی کر گیا ہے لہذا بے ہودہ وٹس ایپ، فیس بک اور دیگر انٹرنیٹ کی ایسی ویب سائیڈ جن میں خرافات ہوں ہرگز استعمال نہ کریں اگر کسی وجہ سے بھی پہلے 11 دن وظیفہ میں ناکامی ہو تو دوسرے 11 دن بلاتعطل شروع کر دیا جائے اور اگر مقصد دوسرے 11 دن میں بھی نہ مل سکے تو تیسرے 11 دن کا وظیفہ شروع کیا جائے۔ اس طرح کل 33 یوم ہو جائیں گے یہ اس وظیفہ کی حد ہے۔ ان شاء اللہ ضرور کامیابی ملے گی۔ ہر 11 دن بعد یعنی چلہ کے اختتام پر بچوں میں حسب توفیق شیرینی ضرور تقسیم کریں۔

مندرہ غوثیہ

منہ کر بیٹھا بغدادنوں — آ پہنچو میری امدادنوں
سُن لو میری فریادنوں — یا غوث اعظم دستگیر
یا غوث اعظم دستگیر — یا غوث اعظم دستگیر

خلجی نیوز ایجنسی، منڈی حاصل پور 0306-5507693 ادارہ روحانیات

سورۃ اخلاص

تحریر:۔ پیر سید سبطین حیدر شاہ گیلانی (حجرہ شاہ مقیم)

فرمایا محترم دوستو! اللہ آپ کو ہمیشہ ہر غم اور پریشانی سے محفوظ رکھے۔ سورہ اخلاص کو قران پاک میں اعلیٰ مقام اور فضیلت حاصل ہے اس سورہ مبارکہ کو سورہ توحید کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ 95 فیصد نمازی حضرات نماز میں اس سورہ مبارکہ کی تلاوت کرتے ہیں۔ اس ماہ کی محفل روحانی میں سورہ اخلاص کے اعمال پیش خدمت ہیں۔ سورہ اخلاص کی اس ریاضت کے روحانی فیض بیشمار ہیں۔

سورہ اخلاص کی ریاضت کا طریقہ :۔ یہ عمل میرے ایک بزرگ دوست کا تجربہ ہے مگر انہوں نے بمشکل لکھنے کے لیے عطا فرمایا ہے۔ پہلے تو آپ لکھنے کے لیے بھی اجازت نہ دیتے تھے آخر کار ہماری کوششوں اور خدا تعالیٰ کے فضل سے آپ لوگوں کی بھلائی کے لیے انہوں نے اجازت دے دی ہے۔ تاکہ مخلوق اس سے بھی مستفیض ہو جائے۔ اس عمل کے کرنے کے لیے اجازت ضروری ہے خواہ آپ کے جہاں بھی استاد ہوں۔

نیا چاند جب نظر آئے تو جب اس کی نو تاریخ ہو تو جمعرات کا دن ہونا ضروری ہے یعنی کہ جب چاند نظر آئے پھر دوسرے دن بدھ ہو گا چاند کی نو تاریخ کو جمعرات ہو گی پابندی نہیں ہے کوئی خاص مہینہ ہونا ضروری نہیں ہے لیکن تاریخ قمری نو دن جمعرات کا ہونا ضروری ہے۔ پرہیز جلالی و جمالی مکمل طور پر کریں ایک جگہ پر مکمل طور پر قیام رکھیں۔ مکمل تنہائی اختیار کریں اعتکاف کی صورت ہو اور روزہ رکھنا بھی بہت ضروری ہے۔ روزہ صرف جو کی روٹی سے افطار کریں۔ جو کی روٹی میں نمک ملانا ضروری ہے اور ساتھ زیتون کا تیل استعمال کریں۔ عشاء کے وقت شروع کریں ہر نماز فرض ادا کرنے کے بعد ایک ہزار سورۃ اخلاص پڑھیں بعد نماز تہجد بھی ایک ہزار مرتبہ پڑھیں بلکہ ہر نماز حتی کے اشراق، چاشت کے بعد بھی ہزار مرتبہ پڑھیں اس طرح دن میں آٹھ ہزار مرتبہ ہو گی اور کل چودہ دن عمل کرنا ہو گا۔ چودھویں دن اس کی تعداد ایک لاکھ بارہ ہزار ہو جائے گی۔ جب چودھواں دن ہو گا تو اس سے پہلے یا چودھویں دن تین موکل حاضر ہوں گے ان کے چہرے اس قدر چمکدار ہوں گے اندھیرا کمرہ روشن ہو جائے گا ان کے چمک آنکھوں کو خیرہ کرنے والی ہو گی وہ آپ کو سلام پکاریں گے تو آپ بھی ان کو ان کے سلام کا جواب دو پھر وہ پوچھیں گے کہ ہم کو کس لئے آپ نے بلایا ہے۔ آپ ان سے کہیں کہ ہماری تابعداری کرو یعنی کہ جو میں حکم دوں بجالایا کرو۔ وہ آپ سے بھی ایک شرط منظور کروائیں گے وہ یہ ہو گی کہ نماز کی پابندی کرو ہر روز قرآن پاک کی تلاوت کرو ہر جمعرات یا جمعہ کے دن قبرستان جایا کرو اور ہر نماز جمعہ کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر تمام مسلمانوں کو بخشا کرو اور کبھی بو والی چیز نہ کھانا حقہ سگریٹ سے مکمل پرہیز کرنا تو پھر ہم تمہارے بھائی ہیں ورنہ ہم آپ کے پاس نہیں آئیں گے۔ اگر شریعت کی مکمل پاس داری کریں گے تو پھر ہم حاضر ہو جایا کریں گے پھر ان سے ان کے نام پوچھیں اور آنے کا طریقہ پوچھ کر اجازت دے دیں لیکن جاہل لوگوں سے اس کو بچا کر رکھنا ہو گا کسی کو بتانا نہیں اگر بتا دیا تو پھر وہ آپ سے روٹھ جائیں گے۔

نقش سورۃ اخلاص :۔ مجرب ہے اس کی تاثیر بھی عجیب ہے۔ سب سے پہلے اس نقش کو 41 مرتبہ روزانہ لکھیں اور 41 دن لکھیں جب اکتالیس دن مکمل ہو جائے تو پھر کام میں لائیں انشاء اللہ تعالیٰ ہر مرض سے شفاء یابی ملے گی۔ اگر کوئی بچہ جلدی باتیں نہ سیکھے تو اس نقش کو زعفران کے ساتھ چینی کی رکابی میں لکھیں پھر وہ پانی ہر روز 41 دن مریض کو پلائیں انشاء اللہ بول پڑے گا۔ اگر کسی بچے کو یا بڑے کو نسیان کا مرض ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو صبح نہار پئیں انشاء اللہ 7 دن کے اندر نسیاں جاتا رہے گا اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو اس نقش کو وہاں رکھیں جہاں سے چیز گم ہوئی ہے انشاء اللہ اس کی برکت سے کھوئی ہوئی چیز مل جائے گی۔ اگر کوئی بھاگ گیا ہو اور واپس آنے کا کوئی امکان نظر نہ آتا ہو تو اس نقش کو وزن کے نیچے رکھو اور دوسرا چرخہ یا پنکھے کے ساتھ باندھ کر چکر دیں انشاء اللہ جلد واپس آ جائے گا۔

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	ه	ولد	وه	يولد	ولم
ا	ل	ل	لا	ا	ح	د	ا	ل	ل	لا
هو	الله	احد	الله		الصمد	ه	ولد	وه	يولد	ولا
ا	ل	ل	لا	ا	ح	د	ا	ل	ل	لا
	احد	الله	الصمد		لا	يلد	ولا	يولد		ولا
الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يو	لد	ولم	يكن	له	كفواً
د	ا	ل	ل	لا	ا	ح	د	ل	د	

الکریم نیوز ایجنسی، کچہری بازار اوکاڑہ 0345-7526419 ادارہ روحانیات

فضائل اسماء الحسنیٰ

تحریر:۔ خوشنود علی نقشبندی (مری)

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے کہ اور اللہ کو اُسکے پیارے ناموں سے یاد کرو۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں میں اپنے 98 صفاتی نام متعارف فرمائے اور ایک نام مزید جو کہ اسم ذات کہلاتا ہے اس طرح کل 99 نام ہوئے۔ ان 99 اسمائے الحسنیٰ کی خاصیت اہمیت برکات و تجلیات جاننے کیلئے اب تک لاتعداد علماء فقہاء مشائخ کرام نے قلم اُٹھایا مگر پھر بھی اسمائے الحسنیٰ کی تعریف وتوجیہی ہرگز ہرگز مکمل نہ کر پائے۔ اسی سمندر میں معمولی سے بھی قطرے سے بھی چھوٹی کوشش کرنا چاہتا ہوں۔ ہوسکتا ہے کہ میری یہ معمولی سی کوشش نجات کا باعث بن جائے۔

اللہ:۔ یہ اسم ذات ہے اور یہی اسم اعظم ہے اور ایک ایک حرف اس کا کام لیے اور ایک ایک حرف اس کا ذات الٰہی پر دلالت کرتا ہے مثلاً اگر حروف اللہ میں سے ہمزہ یعنی الف مفتوح موقوف کیا جائے تو باقی **لِلّٰہ** رہے گا۔ یہ بھی اسی طرح ذات واحد پر دلالت کرے گا۔ **لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْض**۔ قرآن میں ہے پھر اگر دوسرا اسلام بھی الگ کر دیا جائے تو صرف ہ رہ جائے گا۔ وہ بھی بدستور ذات الٰہی پر دلالت کرے گا۔ **لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ** بھی وارد ہے۔ عاشقان الٰہی کا ورد زبان یہی نام پاک ہے۔ دونوں جہاں کی مرادیں برلانے والا یہی نام ہے۔ اس کی تاثیر اور خاصیتیں بے حد ہیں کہ چودہ طبق کے ملائک بھی اسے نہیں لکھ سکتے۔ ایک ادنیٰ سی تاثیر اس کی یہ ہے کہ اگر ہر روز پانچ ہزار مرتبہ نماز روزہ کا پابند ہو کر حلال کا نوالہ کھا کر باوضو ہو کر روبقبلہ بیٹھ کر اللہ اللہ کا ورد کرے گا تھوڑے عرصہ میں صاحب کشف اور روشن ضمیر ہو جائے گا۔ ہر ایک عبادت میں بے حد مزہ اٹھائے گا۔ اکثر راتوں کو زیارت پیغمبر خدا ﷺ سے مشرف ہوگا۔ اور اگر تائید الٰہی شامل ہوگئی تو رب العزت کی زیارت خواب یا استغراق میں انشاء اللہ نصیب ہوگی۔ **اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ وَلِقَآءَکَ** فرشتوں کو آتے جاتے اڑتے ہوئے اکثر خواب میں دیکھے گا۔ الغرض بارگاہ خداوندی میں مقربین کے مرتبہ میں شامل ہوگا۔ تنبیہ بعض عامل لوگ اللہ کا نام مبارک لکھ کر آٹے کی گولیوں میں رکھ کر چالیس دن تک مچھلیوں کو کھلاتے ہیں۔ یہ عمل طریقت کے خلاف ہے کیونکہ وہ آٹے کی گولی مچھلی کے پیٹ میں ہضم ہونے کے بعد وہ کاغذ جس پر اللہ کا نام پاک لکھا ہوا تھا۔ ثابت مچھلی کے پیٹ سے نکلتا ہے۔ اس میں اللہ کے نام پاک کی سخت بے ادبی ہے اور اللہ کے نام پاک کی بے ادبی کرنے والا خدا کی غضب میں آتا ہے۔ **نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ غَضَبِ اللّٰہِ**۔ اللہ کے غصہ سے اللہ کی پناہ۔ یہاں اگر یوں کر لیا جائے کہ اللہ کے نام مبارک کے عدد لئے جائیں یعنی ۶۶ ہندسہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ کاغذ پر لکھیں۔ آٹے کی گولیاں بنا کر چالیس روز مچھلیوں کو کھلایا جائے تو امید ہے کہ خداوند کریم اپنے فضل سے حاجت پوری کر دے گا۔ اگر کوئی مسلمان اللہ کے نام پاک کو جو کہیں زمین پر پڑا نظر آئے گا اٹھا کر اپنی پگڑی یا ٹوپی میں رکھے گا۔ دنیا و آخرت میں ولایت کا پتہ پائے گا۔ یہ اسم جمالی ہے اس کے پڑھنے سے کسی طرح کی گرمی مزاج میں پڑھنے والے کے پیدا نہیں ہوتی۔ مگر اتنا خیال ضرور رہے کہ اللہ کے نام کی بے ادبی کرنے والا یا اللہ کے نام کی جھوٹی قسم کھانے والا کسی وقت میں بے حد محتاج اور فقیر ہو جائے گا یا آخری عمر میں اندھا ہوگا کہ سارے حکیم طبیب اس کے علاج سے عاجز آجائیں گے۔ اسم اللہ کی مثال یوں سمجھئے کے جیسے بحر محیط یعنی بڑا سمندر جو ساری دنیا کو گھیرے ہوئے ہے اور باقی سارت ناموں کی مثال ایسی ہے جیسے سمندر کی کھاڑیاں۔ سب کھاڑیاں بڑے سمندر سے نکلی ہیں اور پھر اسی سے مل گئیں۔ اسی طرح سارے نام اللہ کے نام کے سوا ذات الٰہی میں سے ظاہر ہوئے اور پھر اسی میں چھپ گئے۔

دل سکون پائے

اسم اللہ کو نہایت خوش خط جلی قسم سے لکھ کر اپنے سامنے رکھے اور دن رات میں کم سے کم تین دفعہ نہایت ادب سے باوضو ہو کر روبقبلہ خلوت میں بیٹھ کر محبت کی نگاہ اس مبارک نام پر ڈالے اور دل میں یہ خیال کرے کہ یہ مبارک نام اس کاغذ یا تختی پر جس طرح لکھا ہوا ہے اسی طرح خوبصورت اور خوشخط میرے دل میں لکھا ہوا ہو اور پھر آنکھیں بند کر کے کم سے کم دس منٹ تک اس تصور کو جمائے اور اسی خیال میں محو رہے اور ہر روز تین دفعہ اس عمل کو

کرے انشاء اللہ العزیز کبھی ساری عمر خفقان، ہول دل، دھڑکن، اضطراب قلب وغیرہ وغیرہ قلب کے کسی مرض میں مبتلا نہ ہوگا۔ دنیا کے کسی جابر، ظالم سے کبھی دہشت نہ ہوگی۔ عشق الٰہی میسر ہوگا۔

حادثاتی موت نہ آئے

جو کوئی رہنے کے مکان کی پیشانی پر تین جگہ یا اللہ لکھے گا جب تک وہ مبارک نام لکھا ہوا قائم رہے گا کبھی دب کر اس مکان میں نہ مرے گا کبھی سوتے جاگتے میں وہ مکان آدمیوں پر نہ گرے گا یا خود اختیاری گرایا جائے گا یا خالی وقت میں منہدم ہوگا۔ کسی انسان کی اس مکان کے صدمہ سے اچانک موت نہ ہوگی۔

درد ختم ہو

اگر کسی کو پسلی یا سینہ یا کمر یا سر میں درد ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر درد کی جگہ سات مرتبہ یا اللہ انگلی سے خالی بلا سیاہی وغیرہ لکھے اور دن میں سات دفعہ اس عمل کو کرے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

مسافرات سے واپسی

اللہ کے نام مبارک کو جلی قلم سے لکھے اور اللہ کے الف کو قینچی سے کتر کر الگ کرے اور جو کوئی مسافر باہر جاتا ہو وہ حرف اللہ کا الف اپنے بازو پر تعویذ بنا کر باندھے اور باقی نام اللہ اپنے گھر میں اہل وعیال میں امانت رکھے۔ انشاء اللہ العزیز مع الخیرہ وہ مسافر اپنے گھر واپس آجائے گا۔

وضع حمل

اگر کسی عورت کے بچہ نہ ہوتا ہو اور درد نہایت شدید ہوں۔ ایک سو اکیس مرتبہ یا اللہ پڑھ کر یا خمیرہ وغیرہ پر دم کر کے کھلایا جائے۔ تین حصہ کر کے تین بار کھلایا جائے۔ فوراً خدا کے فضل سے مشکل آسان ہوگی۔ مجرب عمل ہے۔

جھگڑے سے نجات

کوئی شخص ناحق کے جھگڑے میں پھنس جائے۔ کسی مفسد جھگڑالو شخص سے معاملہ پڑ جائے عین مقدمے کی پیشی کے وقت یا باہمی گفتگو کے وقت سترہ دفعہ اللہ اللہ کہے اور دل میں تصور کرے کہ ساری مشکل فنا ہوئی اور اب خاص ذات باری تعالیٰ اس مقدمہ کا فیصلہ فرمائے گی۔ ان شاء اللہ وہ مقدمہ اس کے حق میں اچھا فیصل ہوگا اور جھوٹا دشمن مقدمہ یا باہمی گفتگو میں ہارے گا۔

یَا رَحْمٰنُ :۔ اے بخشنے والے رحمت نازل کرنے ولاے۔ یہ اسم جمالی ہے اس کے عدد ۲۹۸ ہیں۔ اس اسم کا خاصہ سارے عالم پر رحمت نازل کرنا بلا قید مذہب خواہ مسلمان ہو یا کافر، یہودی، ہو یا نصرانی، خدا کا دوست ہو یا دشمن، انسان ہو یا حیوان، درخت ہو یا پتھر، عام طور سے سب پر رحمت فرمانا اس نام کا خاصہ اور اس سرکار کا منصب ہے۔ اس سرکار نے رحمت کے سو حصوں میں سے ایک حصہ دنیا میں نازل فرمایا ہے۔ جس کا اثر سارے عالم میں رحمت کے یہ نشان ہیں کہ شیر سا خونخوار جانور بھی کس محبت سے اپنے بچوں کو دودھ پلاتا ہے۔ ہاتھی اپنے بچوں کو کس محبت اور شفقت سے دیکھتا ہے۔

رحمت میں داخلہ

جو شخص **یَا رَحْمٰنُ** کو فجر کی نماز کے بعد دو سو اٹھانوے مرتبہ پڑھے گا۔ خداوند کریم کی خاص رحمت میں داخل ہوگا۔ اور دنیا میں کوئی اڑی اور مصیبت نہ پڑے گی۔ ہر ایک کاروبار میں فراخ دستی نصیب ہوگی۔

آنکھیں نہ دُکھیں

جو کوئی ٹھیک دوپہر کے وقت جس کو زوال کا وقت کہتے ہیں۔ باوضو بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ **یَا رَحْمٰنُ** پڑھے اور پانی پر دم کرے جس کی آنکھیں دکھتی ہوں اس پانی میں سلائی تر کر دکھتی آنکھوں میں لگائے۔ ہر ایک آنکھ میں سات سات سلائیاں انشاء اللہ تین دن میں آنکھیں اچھی ہوں گی۔ اور پھر ایک سال تک دکھنے نہ آئیں گی۔

بیماری ختم ہو

صبح کی سنتوں اور فجر کی نماز کے درمیان جو شخص ایک سو اکیس مرتبہ **یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ** کسی بیمار کے سرہانے کھڑے ہو کر پڑھے گا۔ سات دن میں کیسا ہی بیمار ہو تندرست ہو جائے گا۔ اگر موت مقدر ہے تو خاتمہ بالخیر ہوگا۔ مشکل جلد آسان ہوگی۔ یہ عمل میرے بزرگوں کا مجرب ہے۔

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ حضرات

رحیم یار خان میں بابا عبدالرحمٰن کو آئندہ اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات منزل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، منزل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

بابا عبدالرحمٰن نیوز ایجنٹ رحیم یار خان 0300-6723855

حفظان صحت کے اصول

تحریر:۔
حکیم خضر عباس پیاسی
(راجن پور)

مکمل صحت چند بنیادی اصولوں کے اپنانے پر منحصر ہے۔ اچھی اور مفید عادتیں اختیار کی جائیں اور بری عادتوں سے پرہیز کیا جائے۔ سب سے اہم صفائی ہے۔ جسم کی صفائی، کپڑوں کی صفائی اور گھر کی صفائی یہ چیز تندرستی کیلئے ضروری ہے۔

جسمانی صفائی

غسل جسم کی صفائی کا بہترین طریقہ ہے۔ یہ ہر عمر میں اور ہر موسم میں مفید ہے گرما میں روزانہ غسل ضروری ہے اور سرما میں کم سے کم ہفتہ میں دو بار ضرور نہانا چاہیے۔ جوان اور صحت مند آدمی سرد (تازہ) پانی سے غسل کر سکتے ہیں اور بچے اور بوڑھے ہلکے گرم پانی سے غسل کریں۔ ورزش کے فوراً بعد یا پہلے غسل کرنا ٹھیک نہیں ہے۔ اسی طرح تھکا دینے والے کام یا جماع کے فوراً بعد بھی غسل نہ کریں۔ حاملہ عورتیں غسل میں زیادہ وقت نہ لگائیں کیونکہ اس سے کمزوری اور تھکاوٹ ہو جاتی ہے۔ نہانے کے بعد صاف تولیہ سے جسم کو اچھی طرح خشک کریں۔ ہلکے گرم پانی سے غسل ہر عمر اور مزاج کے لوگوں کے لیے ہر موسم میں مفید ہے۔ اسے ۱۵ منٹ میں نہا لینا چاہیے۔ نہانے کے دوران جسم مکمل طور پر رگڑ جائے۔ صابن کا استعمال غلاظت اور میل کچیل دور کرنے میں مدد دیتا ہے۔

دانتوں کی صفائی بہت ضروری ہے۔ دانتوں کی خرابی کی وجہ سے ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے۔ اور مختلف بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ دانتوں کی صفائی کا سب سے اچھا طریقہ مسواک ہے۔ اس سے مسوڑھے مضبوط ہوتے ہیں۔ مسواک نیم یا ببول کی تازہ شاخوں سے یا پیلو کی جڑ سے بنائی جاتی ہے۔ آج کل دانتوں کے برش عام ہیں یہ دانتوں کی مکمل صفائی کرتے ہیں۔ لیکن سخت برش مسوڑھوں کے لیے مضر ہے۔ بعض لوگ منجن کا استعمال بغیر برش کے کرتے ہیں۔ صرف منجن کے استعمال سے مکمل صفائی نہیں ہوتی کیونکہ دانتوں کے درمیان رہنے والے ٹکڑے رگڑنے سے نہیں نکلتے بلکہ ان کے لیے برش یا مسواک کا استعمال ضروری ہے۔ زبان کو بھی صبح کے وقت اچھی طرح صاف کریں۔

ناخن اور بالوں کی صفائی بھی جسم کی صفائی میں داخل ہے۔ بغل اور پیڑو کے بال مہینہ میں کم سے کم ایک مرتبہ صاف کیے جائیں۔ اسی طرح سر، مونچھ اور ڈاڑھی کے بال بھی اچھی طرح سلیقہ سے کتر کر صاف کریں سر کے بالوں میں تیل لگا کر کنگھا کریں۔ ناخن ہر ہفتہ کاٹا کریں۔

کپڑوں کی صفائی

کپڑے جو بدن سے متصل رہتے ہیں (جیسے بنیائن وغیرہ) روزانہ تبدیل کریں اور صابن سے دھوئیں گندے کپڑے صحت کے لیے مضر ہیں۔ کپڑے ہر موسم میں تین چار دن میں تبدیل کر دینا اور دھو دینا چاہیے۔

مکان کی صفائی

کھڑکیاں، دروازے اور روشن دان کھلے رکھے جائیں تاکہ ہوا اور روشنی آ جا سکے۔ روزانہ جھاڑو لگا کر فرش صاف کیا جائے گھروں میں مشین نہ ہو اور گندے پانی کے بہاؤ کا اچھا انتظام ہو۔ غسل خانے اور بیت الخلاء کی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

غذا

کھانا کھانے کے لیے وقت کی پابندی بہت ضروری ہے اور غذا عمر، موسم اور غذا کی ضرورت کے مطابق ہونی چاہیے۔

بچوں کی غذا

بچوں کی غذا ایسی ہونی چاہیے جو پتلی آسانی سے ہضم ہونے والی اور پروٹین سے بھری ہوئی ہو۔ جیسے دودھ، مکھن، انڈے، گوشت کا شوربہ دالیں وغیرہ۔

جوانوں کی غذا

مکمل غذا لیں۔ گوشت، خشک میوے، مکھن، ترکاریاں روٹی، چاول ہر قسم کی غذائیں اس عمر میں آسانی سے ہضم ہو جاتی ہے۔

بوڑھوں کی غذا

ہلکی اور جلد ہضم ہونے والی غذائیں لیں۔ چکنی اور دیر ہضم غذاؤں سے پرہیز کریں۔

غذاؤں کے بارے میں عام ہدایات

غذا میں تبدیلی موسم کے اعتبار سے کی جائے۔ گوشت، مچھلی اور انڈے وغیرہ سردیوں میں لیے جائیں اور دہی، دودھ اور ترکاریاں گرمیوں میں لی جائیں۔ برسات میں ہری سبزیاں کھیرا، تربوز اور دہی وغیرہ نہ لیں۔ خوب پیٹ بھر کر کھانے اور بار بار کھانے سے بچنا چاہیے۔ ہمیشہ بھوک سے کم کھانا چاہیے۔ دو کھانوں کے بیچ میں کم سے کم تین گھنٹے کا وقفہ ہونا چاہیے۔ تیز، گرم مصالحے دار اور چکنی غذاؤں سے بچیں کیونکہ یہ صحت کو نقصان پہنچاتی ہیں۔

غذا کے اوقات

برصغیر پاک و ہند میں صرف صبح ناشتہ اور دوپہر و شام کا کھانا کافی ہے۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو شام میں چائے یا ایک کپ دودھ یا پھل لے سکتے ہیں۔

کھانے سے متعلق چند ہدایات

۱۔ غذا اُس وقت تک نہ لی جائے جب تک کہ خوب بھوک نہ لگے۔

۲۔ جو بھی غذا کھائیں اچھی طرح سے پکا کر اور گرم حالت میں کھائی جائے۔ کچی پکی غذا کا استعمال صحت کو خراب کرے گا۔

۳۔ غذا راغب کرنے والی اور صاف ہو۔

۴۔ غذا اچھی طرح چبا کر کھائی جائے۔

۵۔ کھانا کھاتے وقت ذہن خوش اور مطمئن ہو۔ غم، افسوس، غصہ اور اس طرح کے جذبات کی حالت میں کھانا کھانے سے ہضم خراب ہو جاتا ہے۔

۶۔ گرم گرم کھانا نہیں کھانا چاہیے۔

۷۔ کھانے کے دوران پانی نہ پئیں۔ کھانا ختم کرنے کے نصف گھنٹہ بعد پئیں۔ گرمیوں میں یا زیادہ پیاس کی صورت میں تھوڑا سا پانی پیا جا سکتا ہے۔ گرم مزاج والے کھانے سے پہلے پانی پئیں۔

۸۔ گرم کھانا کھانے کے فوراً بعد ٹھنڈا پانی پینا بھی مضر صحت ہے۔ جو برف سے ٹھنڈا کیے ہوئے پانی کے عادی ہیں وہ بھی کھانے کے تھوڑی دیر بعد پئیں۔

۹۔ پھل اور سبز ترکاریاں روزانہ استعمال کی جائیں۔

۱۰۔ کچھ غذاؤں کو ملانا مناسب نہیں کیونکہ اس سے صحت متاثر ہوتی ہے

۱۔ چاول و تربوز	۲۔ چاول اور ستو	۳۔ انار اور ہریسہ
۴۔ کلے، پائے اور انگور	۵۔ مچھلی اور دودھ	

۱۱۔ غذا میں تبدیلی کرتے رہنا چاہیے۔ ایک ہی قسم کی غذا مسلسل نہ استعمال کی جائے۔ مثلاً چاول کا مسلسل استعمال جسم میں مائیت کو زیادہ کرتا ہے۔ جس سے بھوک کی کمی، سستی اور کمزوری واقع ہوتی ہے۔

اسی طرح ترش غذاؤں کی زیادتی سے جسم کمزور ہو جاتا ہے اور بڑھاپا جلد آ جاتا ہے۔ جبکہ میٹھی چیزیں مستقل استعمال کرنے سے معدہ خراب اور اعصاب کمزور ہو جاتے ہیں۔ نمک کی زیادتی سے جسم اور عروق و مویہ میں خشکی واقع ہوتی ہے۔ مرچ اور مصالحے دار غذائیں خراش امعاء کا باعث بنتے ہیں۔ اس لیے ہماری غذا متوازن ہونی چاہیے۔

ورزش

ہر آدمی کے لیے کچھ ورزش ضروری ہے تاکہ صحت قائم رہے اور جسم اچھی حالت میں رہے ورزش کے دوران خون تیز ہو جاتا ہے۔ جو لوگ محنت کا کام کرتے ہیں ان کے لیے ان کا کام ہی ورزش ہے۔ مختلف قسم کی ورزشیں ہیں جن سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ سب سے آسان چہل قدمی ہے جو ہر آدمی کے لیے ممکن ہے۔ لیکن سیر کے وقت لباس موزوں ہو۔ خصوصاً سرما میں گرم ہو۔ کھلی ہوا میں سیر کریں۔ فاصلہ اور تیزی آدمی کی ضرورت اور رفتار پر منحصر ہوتی ہے۔ عام طور پر ۴۰ تا ۵۰ منٹ کی چہل قدمی کافی ہے۔ تیرنا اور گھوڑ سواری بہترین ورزش ہے۔ ورزش جتنی ہلکی ہو اچھا ہے۔ لیکن پابندی ضروری ہے۔ بیرونی کھیل بہتر ورزش ہیں۔ بڑھاپے میں ہلکی ورزش کی جائے۔ جسم کی مالش بھی ایک قسم کی ورزش ہے۔ یوگا کے آسن بھی ورزش میں شامل ہیں۔

نیند

مقررہ اوقات پر سونا صحت کے لیے ضروری ہے۔ جو توانائی محنت کے دوران خرچ ہوتی ہے، نیند کے دوران پوری ہو جاتی ہے۔ گہری نیند جسم کے قوی کو مکمل آرام پہنچاتی ہے۔ اس طرح وہ زیادہ فعال ہو جاتے ہیں۔ نیند کا صرف جھونکا یہ کام نہیں کرتا اور نیند کی ضرورت باقی رہ جاتی ہے۔ اچھی نیند کے لیے غذا کا ہضم ہو جانا ضروری ہے۔ ورنہ غیر منہضم غذا کا معدہ میں ہونا نیند میں خلل پیدا کرے گا اور خراب خواب نظر آئیں گے۔

☆☆☆

وجود جنات

تحریر:۔قاری عبدالروف قریشی (ملتان)

محترم دوستو! کچھ عرصہ قبل روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں جنات اور ہم کے عنوان سے قسط وار سلسلہ قارئین کی خدمت میں پیش کرتا رہا۔ جسکو قارئین نے بے حد سراہا اور بہت پذیرائی ملی اپنے اُسی سلسلہ کی ایک کڑی آج عرصہ دراز کے بعد آپ بھائیوں کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

قارئین تحفہ روحانیات! جنات کی بہت عجیب وغریب دُنیا ہے روحانی مخلوق میں سب سے زیادہ دلچسپ ہے۔اس کا نام سنتے اور پڑھتے ہی ہر شخص توجہ کرتا ہے جنات کے بارے میں بہت سے واقعات ہر خاص وعام کی زبان پر مشہور ہیں۔کم ہی لوگ اس مخلوق کے وجود سے انکار کرتے ہونگے۔ ہر مذہب وفرقہ کے لوگ جنات کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں۔روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں اکثر وبیشتر روحانی کالم نگار جنات کی تسخیر کے بارے میں تحریر کرتے ہیں اور سب سے بڑھ کر جنات کی روحانی واردات جو کہ اس سے قبل مشاہدات روحانی کے نام سے ماہر روحانیات محمد ایاز منزل حسین شاہ صاحب تحریر کر رہے ہیں۔ جنات سے متعلق سچے واقعات پڑھ کر بہت سی اہم معلومات ملی جنات بارے قرآن وحدیث کی روشنی میں چند گزارشات تحفہ روحانیات کے صفحات کی نظر کرونگا تاکہ شائقین روحانیات کو علم ہو سکے کہ جنات بارے قرآن اور احادیث کیا کہتی ہے؟

جادوگر اور جنات:۔اگرچہ جادو، جنات کی مدد کے بغیر بھی چل جاتا ہے، تاہم جادو کو زیادہ سے زیادہ موثر بنانے کے لئے شیطانی جنوں کا بہت بڑا کردار ہے اور حقیقت ہے کہ کوئی جادوگر اس وقت تک صحیح معنوں میں اپنے کالے علم (جادو) میں کامیاب نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ جنات کے ساتھ گہرا تعلق نہ استوار کر لے۔لہذا جس جادوگر نے کسی شیطان کے ساتھ دوستی کر لی ہو یا کسی نہ کسی طرح اسے مسخر کر رکھا ہو اسے اپنے میدان میں بہت جلد عروج مل جاتا ہے اور اس کا شیطان جن، جس قدر مضبوط اور طاقتور ہوتا ہے اسی قدر اس کا جادو زور آور ثابت ہوتا ہے۔ جادوگروں کی اصطلاح میں انہی شیطانوں کو موکل کہا جاتا ہے۔ چونکہ جادوگروں کا انسان کو تکلیف پہنچانے کیلئے ان جنوں شیطانوں کیساتھ گہرا اور براہ راست تعلق ہوتا ہے اس لئے جنوں کے حوالہ سے کچھ بنیادی معلومات پیش کی جارہی ہیں۔ان شاء اللہ آئندہ جب بھی کبھی موقع ملا تو روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں جادو اور جنات کے توڑ اور دیگر بیماریوں کا قرآنی وروحانی علاج معالجہ پیش کیا جائے گا۔ ویسے بھی اکثر وبیشتر روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں مختلف روحانی معالجین کی جانب سے جادو اور جنات کے توڑ سے متعلق قرآنی روحانی علاج شائع کئے جاتے ہیں۔

جنوں کا وجود:۔بعض لوگ محض اس بنیاد پر جنوں کے وجود سے انکار کرتے ہیں کہ اگر جن موجود ہیں تو دکھائی کیوں نہیں دیتے۔پہلی بات تو یہ ہے کہ اگرچہ اکثر وبیشتر جن دکھائی نہیں دیتے بلکہ اس مخلوق کو جنات اسلئے کہا جاتا ہے کہ وہ نظروں سے مخفی اور پوشیدہ رہتے ہیں۔لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا درست نہیں کہ یہ دکھائی نہیں دیتے اس لئے ان کا وجود ہی نہیں۔ یہ بات حقائق کے خلاف ہے۔ بے شمار چیزیں ہمیں دکھائی نہیں دیتیں مگر اس کے باوجود ہم ان کے وجود کو تسلیم کرتے ہیں۔مثلاً اللہ تعالیٰ کی ذات ہمیں اس وقت دنیا میں دکھائی نہیں دیتی، مگر اس کے باوجود ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے ہیں۔اسی طرح فرشتے، جنت، جہنم، روح وغیرہ بے شمار ایسی چیزوں کو ہم تسلیم کرتے ہیں۔اپنے جسم کے درد اور تکلیف کو ہی لے لیجئے درد دکھائی نہیں دیتا مگر محسوس ضرور کیا جاتا ہے۔ یہ چیزیں ہماری نگاہوں سے اوجھل ہیں۔قرآن مجید میں واضح طور پر جنوں کے وجود کی تصدیق کی گئی ہے۔چند آیات درج ذیل ہیں۔

(۱) وما خلقت الجن ولا نس الالیعبدون۔

(ترجمہ) میں نے جنات اور انسان کو محض اس لئے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں۔ (الذاریات۔۵۶)

(۲) قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن فقالو انا سمعنا قرآنا عجبا۔

(ترجمہ) اے نبی ﷺ آپ فرما دیجئے کہ مجھے یہ وحی آئی ہے کہ جنات میں سے بعض نے (مجھ سے قرآن) سنا پھر وہ (اپنی قوم کے پاس جا کر) کہنے لگے کہ ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے۔ (الجن۔۱)

(۳) یا معشر الجن ولانس ان ستطعتم ان تنفذو من

عابد شاپر فروش، ریلوے چوک کوٹ ادو۔ 0333-6002048 — ادارہ روحانیات

اقطار السموات والارض فانفذو الاتنفذون الابسلطان

(**ترجمہ**) اے جن وانس کی جماعت! اگر تم آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکلنے کی طاقت رکھتے ہو تو نکل جاؤ، لیکن تم بغیر قوت کے نہیں نکل سکتے۔ (رحمٰن ۳۳)

(۴) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ایک رات ہم اللہ کے رسول کے ساتھ تھے کہ اچانک آپ ﷺ ہم سے جدا ہو گئے۔ ہم نے مختلف وادیوں اور گھاٹیوں میں آپ ﷺ کو تلاش کیا مگر آپ نہ ملے تو ہم نے سمجھا کہ شاید آپ کو اغواء کر لیا گیا ہے۔ یا آپ راستہ بھول گئے ہیں ہم نے وہ رات بڑی تکلیف سے نکالی۔ اور جب صبح ہوئی تو آپ غار حرا کی طرف سے تشریف لا رہے تھے۔ صحابہ کرامؓ نے فرمایا کہ یارسول اللہ! ہم نے تو آپ کو گم پا کر بڑی تکلیف میں رات گذاری ہے۔ آپ نے فرمایا کہ میرے پاس جنوں کا قاصد آیا تھا اور میں اس کے ساتھ چلا گیا اور جنوں کو جا کر قرآن سنایا۔ پھر اللہ کے رسول ہمیں وہاں لے گئے اور جنوں کے پاؤں اور ان کی آگ کے نشانات ہم کو دکھائے۔

مسلم: کتاب الصلاۃ باب الجہر بالقراۃ فی الصبح والقراۃ علی الجن۔ (۴۵۰)

(۵) حضرت ابوسعید سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول نے فرمایا: موذن کی اذان کی آواز جو کوئی جن، انسان یا ذی روح چیز سنتی ہے۔ وہ قیامت کے دن اس کے حق میں گواہی دے گی۔

جنات کو آگ سے پیدا کیا گیا ہے :۔ قرآن و سنت کے حوالے سے یہ بات ثابت ہے کہ جنوں کو آگ سے پیدا کیا گیا۔ اس کے چند ایک دلائل درج ذیل ہیں۔

(۱) وخلق الجان من مارج من النار

(**ترجمہ**) اور جنات کو آگ کے شعلہ سے پیدا کیا گیا ہے۔ (الرحمٰن:۱۵)

(۲) والجان خلقنٰہ من قبل من النار السموم

(**ترجمہ**) اور جنوں کو ہم نے اس سے پہلے خالص آگ سے پیدا کیا۔ (الحجر۔۲۷)

(۳) حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول نے فرمایا: فرشتے نور سے اور جنات آگ سے پیدا کئے گئے ہیں اور آدم کو اس چیز سے پیدا کیا گیا ہے جو تمہارے لئے بیان کر دی گئی ہے۔ (یعنی مٹی سے)۔

یہاں تک اشکال پیدا ہوتا ہے کہ اگر جنوں کو آگ سے پیدا کیا گیا ہے تو پھر انہیں جہنم کی آگ کا عذاب تو کچھ تکلیف نہیں دے گا، کیونکہ یہ تو خود آگ ہیں۔ اس کا مناسب جواب یہ ہے کہ جو گنہگار جنات جہنم میں جائیں گے انہیں عذاب دینا اللہ کی قدرت کاملہ سے کچھ بعید نہیں۔ البتہ اس عذاب کی کنہ و حقیقت ہم نہیں جانتے۔

جن اور شیطان میں فرق :۔ بعض اوقات جنوں کی جگہ شیطانوں کا اور شیطانوں کی جگہ جنوں کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ جس سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ دونوں ایک ہیں یا دو الگ الگ مخلوق؟

اس سوال کا جواب کچھ اس طرح ہے کہ بنیادی طور پر جن اور شیطان دونوں آگ سے پیدا کئے گئے ہیں۔ جنوں کے آگ سے پیدا ہونے کے دلائل گذر چکے ہیں۔ شیطان کے آگ سے پیدا کیے جانے کی دلیل خود شیطان کا یہ قول ہے جو قرآن مجید میں اس طرح مذکور ہے۔

انا خیر منہ خلقتنی من النار و خلقتہ من طین

(**ترجمہ**) شیطان نے کہا کہ میں اس آدم سے بہتر ہوں کیونکہ مجھے تو نے آگ سے پیدا کیا ہے اور اسے مٹی سے پیدا کیا ہے۔ (الاعراف ۲۱)

علاوہ ازیں قرآن مجید میں حضرت آدمؑ کے واقعہ ہی کے پس منظر میں یہ بات بھی موجود ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو یہ حکم دیا کہ سب آدم کو سجدہ کریں تو شیطان نے سجدہ کرنے سے انکار کر دیا۔ اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

کان من الجن ففسق عن امربہ

(**ترجمہ**) وہ جنوں میں سے تھا پس اس نے اپنے رب کے حکم کی نافرمانی کی۔ (الکہف ۵۰)

اس آیت سے ایک تو یہ بات معلوم ہوئی کہ شیطان جنوں میں سے تھا اور دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ وہ فرشتہ ہرگز نہیں تھا۔ جیسا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ شیطان فرشتوں میں سے ایک نیک فرشتہ تھا پھر عبادت و ریاضت کی بدولت بڑے عالی مرتبہ پر فائز ہونے کیساتھ متکبر ہو چکا تھا اور جب اللہ تعالیٰ نے آدم کے لئے سجدہ کرنے کا حکم دیا تو اس نے انکار کر دیا۔ حالانکہ شیطان کو فرشتوں میں شامل کرنا درج ذیل وجوہات کی بنا پر غلط ہے۔

(۱) قرآن مجید میں شیطان کو جنوں کی جنس قرار دیا گیا ہے۔ لہٰذا اسے فرشتہ قرار دینا تو قرآن مجید کے خلاف ہے۔

(۲) قرآن و سنت میں کوئی ایک بھی ایسی واضح دلیل نہیں کہ جس سے یہ ثابت ہوتا ہو کہ شیطان فرشتوں میں سے تھا۔

(۳) صحابہ کرامؓ اور تابعین عظام میں سے کوئی بھی اس کا قائل نہیں تھا البتہ صحابہ کرامؓ کی طرف بعض ایسی روایات منسوب ہیں۔ جن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ شیطان ابلیس فرشتوں کی جنس سے ہے۔ لیکن ان میں سے کوئی ایک بھی سند صحیح ثابت نہیں ہے۔

(۴) فرشتے نہ مذکر ہیں نہ مونث۔ نہ کھاتے ہیں نہ پیتے۔ نہ نکاح کرتے ہیں اور نہ ہی ان میں توالد وتناسل ہے۔

(۴) جبکہ جنات میں یہ ساری باتیں پائی جاتی ہیں۔

گذشتہ سے ثابت ہوا کہ جن اور شیطان دونوں بنیادی طور پر ایک ہی جنس (یعنی جنوں کی جنس) سے ہیں اور دونوں آگ سے پیدا کئے گئے ہیں۔ اس لحاظ سے جنات اور شیطانین میں کوئی فرق نہیں البتہ ایک دوسرے لحاظ سے ان دونوں میں فرق ہے۔ وہ یہ کہ جنوں میں نیک وبد، مسلم وغیر مسلم ہر طرح کے جن پائے جاتے ہیں۔ جبکہ شیطان صرف وہ جن ہیں جو بد، شریر، غیر مسلم اور کافر ہیں۔ گویا ہر وہ جن جو انتہائی سرکش، نافرمان اور اللہ کے باغی ہو، اسے شیطان کہا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں انسانوں، جنوں اور جانوروں میں سے ہر سرکش کو شیطان کہا جاسکتا ہے۔

شیاطین الانس والجن یوحی بعضھم الی بعض زخرف القول غرورہ

(ترجمہ) ہم نے شیطان صفت انسانوں اور جنوں کو ہر پیغمبر کا دشمن بنایا۔ یہ دھوکہ دہی کے لئے آپس میں ایک دوسرے کے دل میں ملمع کی ہوئی باتیں ڈالتے رہتے ہیں۔ (الانعام ۱۱۲)

علاوہ ازیں صحیح مسلم کی اس روایت سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا مدینہ کے کچھ جن مسلمان ہو گئے ہیں۔ تم میں سے جو شخص کوئی سانپ دیکھے تو اسے تین مرتبہ یہ کہے کہ وہ گھر سے نکل جائے اور اس کے باوجود اگر وہ نہ جائے تو اسے قتل کر دو۔ کیونکہ وہ شیطان ہے۔ پس معلوم ہوا کہ آنحضرت ﷺ نے غیر مسلم سرکش جنوں کو شیطان قرار دیا ہے۔

جنات کی اقسام :۔ بنیادی طور پر اللہ تعالیٰ نے جنوں کو بھی انسانوں ہی کی طرح اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے اور اس عبادت کے لئے انہیں اختیار بھی دیا ہے لیکن جس طرح انسان اس اختیار کو صحیح استعمال کرتے ہوئے دائرہ اسلام میں داخل ہو جاتے ہیں یا پھر کفر کی راہ اختیار کر لیتے ہیں۔ اسی طرح بعض جن بھی اللہ تعالیٰ کے مطیع بن کر مسلمان ہو جاتے ہیں۔ جبکہ بہت سے جن اسلام میں داخل نہیں بھی ہوتے۔ خود قرآن مجید میں جنوں کا یہ قول مذکور ہے کہ

وانا من المسلمون ومنا لقاسطون فمن اسلم فاولئك تحرور ارشدا ۔ واما القاسطون فكانو الجهنم خطبا۔

(ترجمہ) ہاں ہم میں بعض تو مسلمان ہیں اور بعض کافر ہیں۔ پس جو فرماں بردار ہو گئے انہوں نے تو راہ راست کا قصد کیا اور جو ظالم ہیں وہ جہنم کا ایندھن بن گئے۔ (الجن ۱۴۔۱۵)

جنات کی خوراک :۔ صحیح احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ جن بھی انسانوں کی طرح کھانے پینے والی مخلوق ہے۔ نیز یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جنات اپنی خوراک دو طرح سے حاصل کرتے ہیں۔ ایک تو وہ خوراک جو انسان کھا لیتے ہیں اور یہ جنات بھی چوری چھپے ان کے ساتھ شامل ہو کر اسے کھا لیتے ہیں۔ جیسا کہ درج ذیل احادیث سے ثابت ہے۔ دوسری وہ خوراک جو کہ کوئلے، خشک اناج یا جانوروں کی لید اور گوبر کی شکل میں ہوتی ہے یا خشک ہڈیاں جنہیں انسان یا جانور کھا کر پھینک دیتے ہیں جب جنات کھانے کی غرض سے متذکرہ بالا اشیاء کو چھوتے ہیں تو وہ لید اور گوبر پہلے کی طرح سے ہرا بھرا ہو جاتا ہے اور یہی حال کوئلے اور ہڈیوں کا ہے۔

(۱) حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا کہ جب تم کھانا کھاتے لگو تو دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور جب پانی پینے لگو تو دائیں ہاتھ سے پیو کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے بائیں ہاتھ سے پیتا ہے۔

(۲) حضرت حذیفہؓ سے مروی ہے کہ جب ہم اللہ کے رسول ﷺ کے ساتھ کسی کھانے میں حاضر ہوتے تو اس وقت تک کھانے کے لئے اپنا ہاتھ آگے نہ بڑھاتے جب تک کہ آپ ﷺ شروع نہ فرما لیتے۔ ایک مرتبہ ہم آپ کے ساتھ کھانے کے لئے حاضر تھے کہ ایک لڑکی آئی، گویا اسے کوئی دھکیل کر لایا ہے۔ وہ اپنا ہاتھ کھانے کے لئے بڑھانا ہی چاہتی تھی کہ اللہ کے رسول نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور فرمایا کہ شیطان ایسے کھانے کو اپنے لیے حلال سمجھتا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا گیا ہو اور اس لئے شیطان اس لڑکی کو دھکیل کر لایا، تاکہ اس کے ساتھ وہ اپنا کھانا حلال کر سکے۔ مگر میں نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا قسم اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ بلاشبہ شیطان کا ہاتھ ان دونوں کے ہاتھوں سمیت میرے ہاتھ میں ہے۔

اس کے علاوہ بھی جنات کا باقاعدہ الگ خوراک کا تذکرہ احادیث میں ملتا ہے۔ مثلاً حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جنوں نے مجھ سے اپنی خوراک کے بارے میں سوال کیا تو میں نے کہا کہ۔ ”**لكم كل عظم يقع فى ايديكم او فرما يكون لحما وكل بعرة علف لدوابكم .....فقال رسول الله ﷺ فلا تستنجوا بهما فانهما طعام اخوانكم۔** ہر وہ ہڈی جس پر اللہ کا نام لیا جائے تو وہ تمہاری خوراک

ہے اور اللہ کا نام لینے کی برکت سے وہ تمہارے ہاتھوں میں گوشت سے بھرپور ہوجائے گی۔ اور مینگنیاں تمہارے جانوروں کا چارہ ہیں۔ پھر اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا کہ ان دونوں چیزوں سے استنجا نہ کیا کرو کیونکہ یہ ہمارے بھائیوں (یعنی مسلمان جنوں) کی خوراک ہے۔

جنات کی رہائش :۔ جنات عموماً ویران مقامات، کھنڈرات، جنگلوں اور صحراؤں میں رہائش رکھتے ہیں۔ جبکہ ان میں سے مسلمان جن بیت اللہ کا قرب وجوار، مکہ و مدینہ جیسے معزز و افضل شہروں اور مسجدوں وغیرہ جیسی پاک جگہ کو اپنی رہائش کیلئے منتخب کرتے ہیں اور ان کے برعکس شریر اور غیر مسلم جن، گندی جگہوں مثلاً بیت الخلاء، کوڑا کرکٹ کا ڈھیر اور کفروشر کے اڈے وغیرہ جیسی نجاست سے لبریز جگہوں کو اپنی رہائش کے لئے پسند کرتے ہیں۔ اسی لئے آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب بیت الخلاء میں داخل ہونے لگو تو یہ دعا پڑھ لیا کرو۔ **اللھم انی اعوذبك من الخبث والخبائث** ۔ (**ترجمہ**) یا اللہ میں جنوں اور خبائث سے بچاؤ کے لئے تیری پناہ میں آتا ہوں۔

ایک روایت میں واضح طور پر یہ بات موجود ہے کہ ان گندی جگہوں پر شیطان رہتے ہیں لہذا جب کوئی بیت الخلاء میں داخل ہو تو درج بالا دعا پڑھ لیا کرے۔

جنات جنت میں جائیں گے یا جہنم میں

جنات کی اقسام'' میں یہ بات بیان ہو چکی ہے کہ جنوں میں مسلمان بھی ہوتے ہیں اور غیر مسلم بھی جیسا کہ سورۃ الجن میں جنوں کا یہ قول ہے کہ

وانا من المسلمون ومنا القاسطون فمن اسلم فاولئك تحروا رشدا واما لقاسطون فكانو الجهنم حطباO

(**ترجمہ**) ہاں ہم میں بعض تو مسلمان ہیں اور بعض بے انصاف ہیں۔ پس جو فرماں بردار ہوگئے انہوں نے تو راہ راست کا قصد کیا اور جو ظالم ہیں وہ جہنم کا ایندھن بن گئے۔ اس سے ثابت ہوا کہ کافر جنات جہنم میں اور مسلم جنات جنت میں جائیں گے۔ شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ رقمطراز ہیں کہا'' اہل علم کا اس بات پر اجماع ہے کہ کافر جن جہنم میں داخل کئے جائیں گے اور اکثر و بیشتر اہل علم کے نزدیک مسلمان جن جنات میں جائیں گے۔

کیا جن اپنی شکل تبدیل کر سکتا ہے

قرآن وسنت کے واضح دلائل سے یہ ثابت ہے کہ جن اپنی شکل تبدیل کر سکتے ہیں۔ چند ایک دلائل درج ذیل ہیں۔

(۱) **ولا تكونوا كالذين خرجو امن ديارهم بطرورئاء الناس ويصدون عن سبيل الله والله بما يعملون محيط** O **واذزين لهم الشيطن اعمالهم وقال لا غلب لكم اليوم من الناس وانى جار لكم فلما تراات الفئتان نكص على عقبيه وقال انى برى منكم انى ارى مالا ترون انى اخاف الله والله شديد العقاب۔**

(**ترجمہ**) ''ان لوگوں جیسے نہ بنو، جو اتراتے ہوئے اور لوگوں میں خود نمائی کرتے ہوئے اپنے گھروں سے چلے اور اللہ کی راہ سے روکتے تھے جو کچھ وہ کر رہے ہیں اللہ اسے گھیر لینے والا ہے۔ جبکہ ان کے اعمال، شیطان انہیں زینت دار دکھا رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ لوگوں میں سے کوئی بھی آج تم پر غالب نہیں آسکتا۔ میں خود بھی تمہارا حمایتی ہوں لیکن جب دونوں جماعتیں نمودار ہوئیں تو اپنی ایڑیوں کے بل پیچھے ہٹ گیا اور کہنے لگا کہ میں تو تم سے بری ہوں۔ میں وہ دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھ رہے۔ میں اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سخت عذاب والا ہے۔ (الانفال ۴۴۷)

ان آیات کی تفسیر میں مفسرین نے لکھا ہے کہ جب مشرکین مکہ جنگ بدر کے لئے روانہ ہوئے تو شیطان سراقہ بن مالک کا روپ دھار کر آیا تھا انہیں اپنے اور اپنے قبیلہ بنو بکر بن کنانہ کے تعاون کا بھرپور وعدہ دلایا کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں اس لیے کہ یہ قبیلہ قریش مکہ کا حریف تھا۔

(۲) حضرت ابوسعیدیؓ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا کہ مدینہ میں کچھ جنوں نے اسلام قبول کر لیا ہے لہذا اگر تم کوئی سانپ دیکھو تو اسے تین مرتبہ اذان (حکم) کرو وہ چلا جائے۔ اور اگر وہ اس کے بعد بھی نہ جائے تو اسے قتل کر دو۔ کیونکہ وہ شیطان ہے۔

(۳) حضرت ابوسائب فرماتے ہیں کہ میں حضرت سعیدؓ سے ملاقات کے لئے گیا تو وہ نماز میں مشغول تھے چنانچہ میں ان کے انتظار میں بیٹھ گیا۔ دریں اثناء انکے گھر کے ایک طرف ان کے بستر کے نیچے سے مجھے سانپ کی حرکت محسوس ہوئی اور میں نے دیکھا تو واقعی سانپ تھا اور میں اسے قتل کرنے کے لیے آگے بڑھا تو ابوسعیدؓ نے مجھے اشارہ کیا کہ بیٹھے رہو۔ میں بیٹھ گیا اور جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو انہوں نے ایک گھر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ وہاں ایک نوبیاہتا جوڑا رہتا تھا۔ جب ہم جنگ خندق میں اللہ کے حضور ﷺ کے ہمراہ تھے تو اس شخص نے دوپہر کے وقت اللہ کے رسول ﷺ سے اپنے گھر جانے کی اجازت طلب کی۔ آپ ﷺ نے اسے فرمایا کہ مجھے بنو قریظہ (یہودی قبیلہ) سے خطرہ ہے لہذا تم اپنا ہتھیار بھی ساتھ لے جاؤ۔

جب وہ صحابی اپنے گھر کے قریب پہنچا تو اس کی بیوی گھر کی دہلیز پر کھڑی تھی۔ اس صحابیؓ کی غیرت نے جوش مارا اور اس نے اس پر حملہ کرنے کے لیے اپنا نیزہ تان لیا۔ اس کی بیوی نے کہا کہ اپنا نیزہ دور رکھو اور پہلے اپنے گھر میں داخل ہو کر جائزہ لو کہ کس چیز نے مجھے باہر نکلنے پر مجبور کیا ہے۔ وہ گھر میں داخل ہوتا اس نے دیکھا کہ بستر پر ایک بڑا سانپ کنڈلی مار کر بیٹھا ہوا ہے۔ اس نے فوراً سانپ کو اپنا نیزہ چبھویا اور نیزہ میں پرو کر صحن میں گاڑ دیا وہ سانپ نیزے پر تڑپنے لگا اور پھر یہ معلوم نہیں کہ سانپ پہلے مرا یا اسے قتل کرنے والا وہ صحابیؓ۔

حضرت ابو سعیدؓ فرماتے ہیں کہ ہم اللہ کے رسول ﷺ کے پاس حاضر ہوئے اور آپ ﷺ کو اس واقعہ کی اطلاع دی اور فرمائش کی کہ آپ ﷺ اللہ سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس صحابیؓ کو زندہ کر دیں۔ آپؐ نے فرمایا کہ اپنے ساتھی کے لیے استغفار کرو۔ پھر فرمایا کہ مدینہ میں کچھ جنوں نے اسلام قبول کر لیا ہے لہذا جب تم کوئی جن (سانپ وغیرہ کی شکل میں) دیکھو تو اسے تین دن تک (اور بعض روایات کے مطابق تین مرتبہ) نکل جانے کا حکم دو۔ پھر اگر اس کے باوجود وہ نہ جائے تو اسے قتل کر دو کیونکہ وہ شیطان ہے۔ معلوم ہوا کہ سانپ اصل میں جن تھا جس نے اپنا روپ بدلا ہوا تھا۔

(۴) اسی طرح حضرت ابو ہریرہؓ کا معروف واقعہ ہے کہ وہ صدقہ فطر کی کھجوروں کی حفاظت پر مامور تھے کہ شیطان ایک آدمی کے شکل میں آ کر کھجوریں چوری کرنے لگا۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے اسے پکڑ لیا اور اس کی منت سماجت کی وجہ سے اسے چھوڑ دیا۔ تین دن مسلسل ایسا ہوتا رہا کہ وہ شیطانی انسانی روپ میں آتا مگر ابو ہریرہ اسے ہر مرتبہ پکڑ لیتے۔ پھر تیسرے دن اس نے حضرت ابو ہریرہؓ سے کہا مجھے چھوڑ دو میں تمہیں ایسا وظیفہ بتاتا ہوں کہ اگر تم سوتے وقت اسے پڑھ لو تو صبح تک شیطان تمہارے قریب نہیں آئے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک محافظ تمہارے لیے مقرر کر دیا جائے گا پھر اسے نے کہا کہ تم آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرو حضرت ابو ہریرہؓ اللہ کے رسول ﷺ کے پاس اس کا ذکر کیا تو آپؐ نے فرمایا کہ وہ شیطان تھا۔ خود تو جھوٹا تھا مگر تمہیں سچی بات بتا گیا ہے۔ مذکورہ بالا دلائل سے ثابت ہوا کہ شیاطین، جنات، اپنی شکلیں تبدیل کر سکتے ہیں۔ شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ رقمطراز ہیں کہ "جنات انسانوں اور جانوروں مثلاً سانپ بچھو، اونٹ، گائے، گھوڑے، خچر، گدھے، پرندوں، وغیرہ کی شکل اختیار کر لیتے ہیں لیکن شکلوں کی تبدیلی کیسے اور کیونکر ہوتی ہے اس کی کنہ و حقیقت اور حالت و کیفیت ہم نہیں جانتے نیز یاد رہے کہ کوئی بھی شیطان اور جن نبی اکرم ﷺ کی شکل اختیار نہیں کر سکتا جیسا کہ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: "جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے واقعی مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت اختیار ہی نہیں کر سکتا"۔

جنات کی شادی اور اولاد :۔ قرآن وسنت سے معلوم ہے کہ جنات میں مذکر اور مونث کا تصور موجود ہے اور ان کے آپس میں شادی، بیاہ، عشق ومحبت اور زنا کاری وفحاشی وغیرہ جیسے تمام کام اسی طرح پائے جاتے ہیں۔ جس طرح یہ تمام کام انسانوں میں پائے جاتے ہیں۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ "**واذ قلنا للملئکة اسجد و الا دم فسجد و الا ابلیس کان من الجن ففسق عن امر ربه افتتخذونه وذریته اولیاء من دونی وهم لکم عدو بئس للظالمین بدلا**۔ اور جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ تم آدمؑ کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا۔ سوائے ابلیس کہ جو جنوں میں سے تھا۔ اس نے اپنے پروردگار کی نافرمانی کی کیا پھر بھی تمام مجھے چھوڑا کر اسے اور اس کی اولاد کو اپنا دوست بنا رہے ہو؟ حالانکہ وہ تم سب کا دشمن ہے، ایسے ظالموں کا کیا ہی برا بدل ہے"۔ (سورۃ کہف' آیت نمبر 50)

لوح ہمزاد

بدقسمتی اور سیارگان کی گردش کی وجہ سے آپ کے ہر کام میں رکاوٹ ہو بنا بنایا کام عین وقت پر بگڑ جاتا ہو یا آپ اپنے آپ کو دُنیا کا بدقسمت ترین شخص تصور کرتے ہوں۔ مقدمہ بازی کی وجہ سے پریشان ہیں یا دشمنوں کے غلبہ کی وجہ سے زبان نہیں کھول سکتے۔ گھر میں بیماریاں ہیں یا آسیب یا تعویزات کے اثرات کاروباری بندش ہے یا بے برکتی یا پھر بے روزگاری کا شکار ہیں۔ قرض ادا نہ ہوتا ہو یا گھر میں لڑائی جھگڑا اس قدر ہو کہ گھر جنت کی بجائے جہنم لگتا ہو۔ نکاح کی بندش ہو یا کسی بھی قسم کے جادو کے اثرات ہوں" **لوح ہمزاد**" بنوا کر پاس رکھنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے آپ کا ہمزاد حاضر ہو کر آپکے کاموں میں غیبی طور پر مدد کر رہا ہوتا ہے یہ غیبی طاقت اس لوح کے پاس رکھنے کی وجہ سے حیرت انگیز طور پر آپ کی راہنمائی کرتی ہے اور وہ مسائل یا پریشانیاں جو آپ کو دیمک کی طرح چاٹ رہی تھیں ختم ہو جاتی ہیں۔ اس لوح کے اثرات کبھی ضائع نہیں ہوتے۔ پرائز بانڈ کے نمبروں کے شائقین حضرات کے لئے یہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔ جس کے ذریعے اُن کا ہمزاد غیبی طور پر نمبروں کے بتانے کے سلسلہ میں اُن کی مدد کرتا ہے یہ ایک معجزاتی لوح ہے۔ لوح ہمزاد ہمارا خاندانی صدیوں پرانا عمل ہے اس کرشماتی معجزہ کو آزمانے کے لئے اپنی مشکلات مفصل طور پر لکھیں اور لوح کا بدیہ **4200** روپے منی آرڈر کریں۔

MILK دودھ کی افادیت

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

دودھ ایک صحت بخش قدرتی غذا ہے یہ ہمیں جانوروں سے حاصل ہوتا ہے۔ یہ ایک رقیق مرکب ہے جس کا زیادہ حصہ پانی ہوتا ہے۔ مختلف جانوروں کے دودھ میں پانی کی مقدار بھی مختلف ہوتی ہے۔ جیسے بھینس کے دودھ میں 81 فیصد پانی ہوتا ہے۔ گائے کے دودھ میں 87.6 فیصد، بکری کے دودھ میں 85.50 فیصد اور عورت کے دودھ میں پانی کی مقدار 88 فیصد کے قریب ہوتی ہے۔

دودھ کی غذائی اہمیت :۔دودھ کے اجزائے ترکیبی میں ٹھوس مادہ کی مقدار 13 فیصد کے قریب ہوتی ہے۔ جس میں پروٹین 3.3 فیصد، چربی 3.6 فیصد، معدنی اجزاء کی معمولی مقدار کے علاوہ کاربوہائیڈریٹس 4.8 فیصد ہوتے ہیں۔ دودھ کی پروٹین جسم کی تعمیر کرتی ہے اور بچوں بڑوں دونوں میں جسمانی ٹوٹ پھوٹ کی مرمت کے لئے بہت اہم ہے۔ دودھ میں پائی جانے والی کیلشیم سے ہڈیاں اور دانت محفوظ ہوتے ہیں دودھ میں فاسفورس کی مقدار گو کم ہوتی ہے لیکن اگر کیلشیم کی کافی مقدار ہو تو سمجھ لیا جاتا ہے کہ فاسفورس کی رسد بھی کافی ہوگی۔

100 گرام دودھ میں رطوبت 87.5 فیصد، پروٹین 3.2 فیصد، چکنائی 4.1 فیصد، معدنی اجزاء 0.8 فیصد اور کاربوہائیڈریٹس 4.4 فیصد ہوتے ہیں۔ 100 گرام دودھ کے معدنی اور حیاتینی اجزاء میں کیلشیم 120 ملی گرام، فاسفورس 90 ملی گرام، آئرن 0.2 ملی گرام اور قلیل مقدار میں وٹامن بی کمپلیکس، وٹامن کے اور پی ہوتے ہیں۔ جبکہ 100 گرام دودھ میں 67 کیلوریز ہوتی ہے۔ دودھ کی چکنائی کا 99 فیصد قابل ہضم ہوتا ہے۔ جلد ہضم ہو جانے والی غذاؤں میں دودھ سب سے پہلے نمبر پر ہے۔ دودھ کو ہضم کرنے میں تقریباً 90 منٹ درکار ہوتے ہیں۔ جب یہ معدے میں داخل ہوتا ہے تو دہی کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ دودھ میں پایا جانے والا نامیاتی نمک اور پانی فوری طور پر جذب ہونے لگ جاتے ہیں جبکہ ٹھوس اجزاء انتڑیوں کا رخ کرتے ہیں۔ چکنائی بھی وہاں جذب ہونے کے عمل سے گزرتی ہے۔ انسان کو جس قدر کیلشیم کی روزانہ ضرورت ہوتی ہے۔ وہ اسے ایک لٹر دودھ سے حاصل ہوتی ہے۔ اسی طرح ایک لٹر دودھ سے فاسفورس، وٹامن اے اور سی کی بھی معقول مقدار میسر آجاتی ہے۔ جبکہ پروٹین اپنی ضروریات کا تیسرا حصہ اور آئرن آٹھواں حصہ توانائی کا چوتھا حصہ کے علاوہ کچھ مقدار وٹامن بی، ای اور ڈی کی بھی ایک لٹر دودھ سے حاصل ہو جاتی ہے۔

قدرتی فوائد اور طبی استعمال :۔دودھ استعمال کرتے رہنے سے یاد داشت تیز ہوتی ہے۔ قوت میں اضافہ ہوتا ہے۔ تھاوت دور ہوتی ہے۔ جسمانی طاقت قائم رہتی ہے۔ عمر طویل ہوتی ہے۔ دودھ ایسی غذا ہے جو مکمل غذا ہونے کے اتھ ساتھ ہر عمر کے بچوں، جوانوں اور بوڑھوں (عورت، مرد) کیلئے صحت بخش ہے بیماریوں کے لئے مکمل صحت بخش غذا ہے۔ دودھ ایسی مکمل غذا ہے۔ جو بڑھتے بچوں، دودھ پلانے والی ماؤں اور حاملہ خواتین کی سازی غذائی ضرورتیں پوری کرتا ہے۔ دودھ سے جہاں قد وقامت بڑھتی ہے۔ وہاں وزن میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ وہ لوگ جو دبلے پتلے ہوں یا اپنی عمر اور قد کے اعتبار سے معیاری وزن نہ رکھتے ہوں وہ دودھ کا استعمال کر کے ایک ہی ہفتہ میں اپنے وزن میں تین سے پانچ پونڈ کا اضافہ کر سکتے ہیں اور متواتر دودھ کے استعمال سے ان کا وزن بتدریج بڑھتا ہو جائے گا۔ ان کا دبلا پن بھی ختم ہو جائے گا۔ جسم موٹا ہونا شروع ہو جائے گا۔ ان کی آنکھیں صاف اور چمکدار ہونا شروع ہو جائیں گی۔ رنگت میں نکھار آجائے گا دودھ سے استفادہ حاصل کرنے والی اعضاء میں نئی قوت اور توانائی آجائے گی۔

دودھ ایسی صحت بخش اور مفید غذا ہے جس کو استعمال کرتے رہنے معدے کی تیزابیت اور سینے کی جلن دور ہو جاتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ دودھ میں الکلی بنانے والے اجزاء کی مقدار بہت زیادہ ہوتی ہے۔ دودھ کو ہضم کرنے کے لئے معدے کو زیادہ تیزاب استعمال کرنا پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دودھ پینے سے تیزابیت اور سینے کی جلن کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ نیز دودھ کے باقاعدہ استعمال سے اعضائے ہضم میں تیزابیت کا توازن بھی برقرار رہتا ہے۔ دودھ کی مرہم چوٹ لگنے، زخم آنے، کٹ جانے اور دیگر تکلیف پہنچانے والی چوٹوں کو بہترین علاج ہے۔ یہ مرہم ایگزیما سے متاثرہ

جلد پر بھی لگائی جاسکتی ہے۔اس کے بروقت استعمال سے زخم صحت یاب اور انفیکشن دور ہو جاتی ہے۔ پیپ سے بھرے پھوڑوں کو بغیر پھاڑے خشک کرنے اور پھوڑوں کو پکانے کیلئے یہ مرہم پولٹس بنا کر لگانے سے مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔مرہم بنانے کا طریقہ بہت آسان ہے یعنی دودھ کی کریم میں چٹکی پھر ہلدی اور تھوڑا سا سرکہ ملانے سے مرہم تیار ہو جاتی ہے۔ دودھ کے استعمال سے ست گردش خون معمول پر آجاتی ہے۔اسکی وجہ یہ ہوتی ہے کہ معدے اور انتڑیوں میں دودھ کا سیال جذب ہوتا ہے۔ ست اور کمزور دوران خون کی علامت یہ ہوتی ہے کہ مریض کے ہاتھ پاؤں ہر وقت ٹھنڈے رہتے ہیں۔ جبکہ درست گردش خوش کے حامل افراد کے ہاتھ پاؤں گرم رہتے ہیں۔ ان میں زندگی کی حرارت محسوس ہوتی ہے۔ جب کسی مریض کی گردش خون معمول پر آجاتی ہے تو وہ خود کو پہلے سے بہتر محسوس کرنے لگتا ہے۔سانس کی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے لئے دودھ بہت ہی مفید علاج بالغذاء ہے۔ اُبلے ہوئے دودھ کے ایک گلاس میں چٹکی بھر ہلدی پاؤڈر، چند دانے کالی مرچ اور تھوڑی سے سفوف ملا کر رات کو سونے سے پہلے متواتر تین دن تک پیتے رہنے سے گلے کی سوزش، دمہ، زکام، آواز کا بیٹھ جانا، برونکائیٹس اور ٹانسلز کی تکالیف دور ہو جاتی ہے۔ دودھ نیند نہ آنے کا بہترین علاج ہے۔جن لوگوں کو نیند نہ آتی ہو ان کو چاہئے کہ رات کو سونے سے پہلے ایک گلاس ابلا ہوا دودھ شہد ملا کر پی لیا کریں۔ ان کی بے خوابی کا عمدہ علاج ہے۔ دودھ نہ صرف قوت وتوانائی مہیا کرتا ہے بلکہ یہ عمدہ ٹانک اور مسکن دوا کا کام بھی کرتا ہے۔ پاؤں کے تلوؤں پر دودھ سے مساج کرنا بھی نیند لانے میں موثر ہے۔ دودھ ایسا مائع ہے جس کا استعمال بیوٹی ایڈ کے طور پر کام آنے کے ساتھ ساتھ کاسمیٹکس کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔اس مقصد کے حصول کے لئے ایک گلاس دودھ ابال کر اس میں ایک عدد تازہ لیموں نچوڑ کر دس پندرہ منٹ تک پڑا رہنے دیں۔ جب ٹھنڈا ہو جائے تو اسے اپنے ہاتھوں، چہرے اور بازوؤں کے علاوہ گردن لگا کر رات بھر رہنے دیا جائے۔صبح کے وقت گرم پانی سے منہ ہاتھ دھو ڈالیں۔ اس کا باقاعدہ استعمال جلد کو صاف پرکشش بنانے کے ساتھ ساتھ نرم ہو جاتا ہے۔ دودھ میں انڈوں کی زردی شامل کر کے بالوں کو دھونے سے ان کی نشو ونما میں اضافہ کرتا ہے۔اور بالوں کو خشکی سکری اور دیگر بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔گدھی کو دودھ سل ودق کے مریضوں کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ شرط یہ ہے کہ گدھی کو بچہ جنے کم از کم تین چار ماہ گزر چکے ہیں۔ پہلے روز مریض کو سات تولے دودھ ملائیں۔ بعد میں روزانہ ایک تولے کا اضافہ کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ دودھ کی مقدار 41 تولے ہو جائے۔اسی طرح ایک تولہ روزانہ کم کرنا شروع کر دیں اور سات تولہ یومیہ خوراک تک لے آئیں تین دن سات تولے روز پلاتے رہنے کے بعد پلانا بند کر دیں۔ بکری کا دودھ بھی سل دق کے مرض میں مفید ہے۔ مریض کو اس بکری کا دودھ پلانا چاہئے جس کو بچہ جنے چالیس دن گزر چکے ہوں اگر دودھ تھنوں کو منہ لگا کر پیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔ کہتے ہیں شیرنی کا دودھ آنکھوں میں لگانے سے بینائی تیز ہو جاتی ہے اور کبھی خراب نہیں ہوتی۔ ہندوستان کا مغل شہنشاہ جہانگیر اپنی خودنوشت جہانگیری میں لکھتا ہے کہ میں نے اس کی آزمائش کرنے کا قصد کیا جب میں نے اپنی پالتو شرینی کے تھنوں کو ہاتھ لگانے کی کوشش کی تو وہ غضبناک ہوگئی میں سمجھتا ہوں کہ اس بات میں کوئی حقیقت نہیں ہے۔

خاص لوح شرف مشتری

سیارہ مشتری عزت، مال و دولت کا سیارہ کہلاتا ہے جب اس سیارے کا عروج کسی بھی شخص کے زائچہ میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مال و دولت میں کھیلتا ہے اور خوشحالی کی زندگی بسر کرتا ہے اور اگر کسی شخص کے زائچہ پیدائش میں یہ سیارہ نحس یا خراب حالت میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مفلسی بیروزگاری پریشانی اور مال و دولت میں کمی کا شکار رہتا ہے۔

اکثر و بیشتر دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ مالی لحاظ سے کمزور ہوتے ہیں اُن کے زائچہ پیدائش میں مشتری بھی کمزور ہوتا ہے اس سیارے کی نحوست کو ختم کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ہر بارہ سال بعد ایک موقع دیا ہے اس خاص موقع سے اہل علم فائدہ اُٹھاتے ہیں اور وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں سیارہ مشتری کمزور ہو اُن کو خاص وقت شرف مشتری جو کہ 12 سال بعد 1 بار آتا ہے اس میں لوح مشتری تیار کر کے دیتے ہیں اس لوح کی برکت سے میرے ذاتی مشاہدہ میں آیا ہے کہ غربت مفلسی بیروزگاری اور مالی مشکلات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ گزشتہ 12 سال قبل بے شمار لوگوں کو لوح مشتری تیار کر کے دی اور اس لوح کی برکت سے پریشان حال لوگوں کی اللہ تعالیٰ نے پریشانیاں ختم کر دی رزق روزی میں اضافہ ہوا اور آج وہ لوگ جنہوں نے لوح مشتری اپنے پاس رکھی خوشحال اور پُرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ لوگ جو کہ فوری طور پر مالی مشکلات سے نجات چاہتے ہیں اس قیمتی اور نایاب وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ لوح مشتری آج ہی ادارہ سے بک کروائیں۔

ہدیہ 7200 روپے

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ

حروف۔ا،ل،ع،ی۔پتھر، مرجان۔مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 7) اس ہفتہ آپکے برج کا حاکم نظر تسدیس قائم کر رہا ہے عطارد مریخ کے درمیان قائم ہونے والی اس نظر کے اثرات کے سبب یہ ہفتہ بہتر نتائج دے سکتا ہے عزیز و اقارب سے اختلافات ختم ہو سکتے ہیں آپ بھی اپنے غصہ کو ٹھنڈا کریں۔ایسا موقع بار بار نہیں آتا۔اس ہفتہ میں موجودہ کام یا ملازمت سے مطمئن نہیں ہیں تو اس وقت سنجیدگی سے کوئی نیا کام شروع کرنے کے متعلق سوچنا چاہئے۔مبارک ہفتہ ہے۔

(8 تا 14) دفتر میں کام کرنے والوں کے ساتھ بھی اختلافات اور جھگڑوں کا اندیشہ ہے اس کی وجہ آپ کا ضرورت سے زیادہ حکمانہ رویہ ہوگا۔بہتر ہوگا کہ اس وقت دوسروں پر اپنی مرضی مسلط نہ کریں بلکہ دوسروں کی مرضی پر چلیں۔وہ افراد جو اپنے گھریلو حالات درست کرنا چاہتے ہیں ان کیلئے بھی یہ وقت بہت موافق ثابت ہوگا۔یہ وقت خاندان کے تمام افراد کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کیلئے موافق ثابت ہوگا۔وراثتی جائیداد کے حصول کیلئے اگر کوئی کوشش کی جائے تو محنت رنگ لاسکتی ہے ان ایام میں ایسے افراد جو کپڑے کا کام کرتے ہیں ان ایام میں اپنا کاروبار بڑھانے کیلئے کی گئی کوشش کامیاب ثابت ہوگی۔

(15 تا 21) شریک زندگی کے ساتھ تعلقات کے سلسلے میں اگرچہ جوش تو ہوگا مگر غیر یقینی صورت حال رہے گی۔یہ بھی ممکن ہے ایک جگہ تعلقات ختم ہو کر دوسری جگہ قائم ہوں۔یا یہ بھی ممکن ہے کہ اگر عرصہ سے تعلقات خراب چلے آرہے ہیں تو دوبارہ تعلقات استوار ہو جائیں گے۔

(21 تا 28) اس ہفتہ زہرہ تربیع مریخ کی نحس نظر قائم ہو رہی ہے۔لڑائی جھگڑے سے بچئے۔دوسروں کو سمجھنے سے آپ کی وفاداریوں اور وقار میں اضافہ ہو سکتا ہے۔اپنی عقل و فراست سے لوگوں کو دوست بنا سکتے ہیں آپ کے لئے یہ ہفتہ اچھا ثابت نہ ہو گا۔نرم رویہ سے گھر کے ماحول کو ٹھیک کر سکتے ہیں۔

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ

حروف۔ب،و۔پتھر، الماس۔مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 7) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ تربیع مشتری قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 03 تا 05 فروری تک رہیں گے اس نظر کے تحت اس ہفتہ آپ کو قریبی عزیز سے نقصان پہنچ سکتا ہے اور ایک ایسی جگہ سے رقم یا مالی نقصان کی توقع ہے جو آپ کے وہم و گمان میں بھی نہ ہوگی۔اپنے برج کے مطابق ان ایام میں اپنا صدقہ لازمی دینے کا اہتمام کریں۔صدقہ سے متعلق تفصیلاً دیگر اہم معلومات مزمل روحانی جنتری 2018ء کے صفحہ نمبر 69 کا مطالعہ کریں۔بزرگوں سے اپنے حق میں خصوصی دعا کروائیں۔

(8 تا 14) وہ افراد یا خواتین جن کی نسبت وشادی کے معاملات عرصہ دراز سے التواء کا شکار تھے۔وہ اس ہفتہ یا ماہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائیں گے۔دولت کی فراوانی ہوگی۔آمدنی کے وسائل بڑھیں گے۔غیر ملکی سفر کے سلسلہ میں رکاوٹوں اور تاخیر کا حائل ہونا نظر آتا ہے۔دوران سفر احتیاط کریں نقصان کا اندیشہ ہے بہتر ہے سفر سے پہلے صدقہ خیرات لازمی کریں جسکی وجہ سے آپ بڑے نقصان سے بچ سکتے ہیں۔

(15 تا 21) ان ایام میں آپ کے برج کا حاکم سیارہ اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تسدیس زحل قائم کر رہا ہے جس کے اثرات اس ہفتہ رہیں گے اس نظر کے تحت یہ ایام نکاح نسبت کیلئے بہتر ثابت ہونگے اگر انہی ایام میں کسی سے پیمان محبت باندھ لیں گے تو وہ استوار رہے گا۔مالدار خواتین سے تعلقات قائم رہیں تو اس ہفتہ مالی فائدہ بھی ممکن ہے۔اپنی شان دار شخصیت کی بدولت نئے تعلقات سے فائدہ اٹھائیے۔مبارک ہفتہ ہے۔

(21 تا 28) ان ایام میں قائم ہونے والی نحس نظر زہرہ تربیع مریخ ہے۔جس کے اثرات ابھی چند دن رہینگے۔ان ایام میں گھریلو اخراجات میں اضافہ ہوگا۔کوئی حادثہ پیش آسکتا ہے۔اپنے برج کے مطابق منگل کو کلیجی کا صدقہ بہتر رہے گا اپنے حق میں بزرگوں سے دعا کروائیں۔تیز دھار آلات سے احتیاط برتیں۔

جوزا

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

